مختصر مسائل واحکام
رمضان، روزہ
اور
زکوٰۃ
تحریر
ابو عدنان محمد منیر قمر
توحید پبلیکیشنز، بنگلور (انڈیا)

مختصر مسائل واحکام

رمضان٬ روزہ
اور
زکوٰۃ

تحریر : ابو عدنان محمد منیر قمر

ترجمان سپریم کورٹ،الخبر (السعودیہ)

توحید پبلیکیشنز، بنگلور (انڈیا)

اشاعت کے دائمی حقوق بحقِ مؤلف محفوظ ہیں

نامِ کتاب : مختصر مسائل واحکامِ رمضان، روزہ اور زکوٰۃ

تالیف : ابوعدنان محمد منیر قمر نواب الدین

کمپوزنگ : شاہد ستّار

طبع دوم : ۱۴۲۳ھ/ ۲۰۰۲ء

باہتمام: توحید پبلیکیشنز، بنگلور

ہندوستان میں ملنے کے پتے

1- توحید پبلیکیشنز، ایس.آر.کے.گارڈن

بنگلور۔فون.٦٦٥٠٦١٨

2- چارمینار بک سینٹر

چارمینا مسجدر روڈ،شیواجی نگر، بنگلور۔ا

3- میسور۔فون.۴۹۲۱۲۹

رابطہ:E-Mail:tawheed_pbs@hotmail.com

فہرستِ مضامین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حرفِ چند

اِنَّ الۡحَمۡدَ لِلّٰہِ نَحۡمَدُہ، وَنَسۡتَعِیۡنُہ، وَنَسۡتَغۡفِرُہ، ،وَ نَعُوۡذُ بِا للّٰہِ مِنۡ شُرُوۡرِ أَنۡفُسِنَا وَ مِنۡ سَیِّئَاتِ أَعۡمَا لِنَا، مِنۡ یَّھۡدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہ، ،وَ مَنۡ یُّضۡلِلۡ فَلَا ھَادِیَ لَہ،، وَاَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہ، لَا شَرِیۡکَ لَہ،، وَ اَشۡھَدُ أَنَّ مُحَمَّداً عَبۡدُہ، وَرَسُوۡلُہ،.اَمَّا بَعۡدُ:

قارئینِ کرام!السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماہِ رمضان،روزہ اورزکوٰۃ کے فضائل ومسائل اوراحکام پر مشتمل ہماری ایک تفصیلی کتاب طباعت کیلئے تیار ہے،لیکن اس پر کچھ وقت لگے گا،لہٰذا ہم نے سوچا کہ اُسکی طباعت سے پہلے یہ مختصر رسالہ آپ کی خدمت میں پیش کردیا جائے۔امید ہے کہ ضروری مسائل اس مختصر انداز میں آپ کیلئے باعثِ استفادہ ہونگے۔اللہ تعالیٰ اس رسالہ کوشرفِ قبولیت سے نوازے،اور ہمارے لئے اور ہمارے معاون تمام دوست واحباب کیلئے دنیا وآخرت کی نجاح وفلاح کاذریعہ بنائے۔آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

رمضان کی مبارک گھڑیوں میں آپ کی نیک خواہشات اوردعاؤں کا طالب۔

الخبر،سعودی عرب
۴ررمضان المبارک ۱۴۲۲ھ
۱۹رنومبر ۲۰۰۱ء

ابوعدنان محمدمنیرقمرنواب الدین
ترجمان سپریم کورٹ،الخبر ۔31952
وداعیہ متعاون،مراکز دعوت وارشاد

الخبر ،الدمام،الظہران

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مختصر مسائل واحکامِ

رمضان و روزہ

فضائل وبرکات:

[1] رمضان المبارک میں قرآنِ کریم نازل کیا گیا،لہٰذا یہ''ماہِ قرآن'' ہونے کا شرف رکھتا ہے۔

اسکا روزہ مسلمانوں پر فرض کیا گیا ہے۔(البقرہ:۱۸۳،۱۸۵)

نبی کریم ﷺ نے روزے کو اسلام کے پانچ ارکان میں سے شمار فرمایا ہے۔(بخاری ۱ / ۴۹ ۵)

[2] روزہ ایک ایسی انفرادی حیثیت والی عبادت ہے،جسکے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

''روزہ میرے لئے ہے اور اسکا اجر بھی میں ہی دونگا''۔(صحیح بخاری و مسلم)

اور نبی ﷺ نے فرمایا ہے:''ایمان واخلاص کے ساتھ روزے رکھنے والوں کے پہلے تمام گناہ بخشے جاتے ہیں''۔(صحیح بخاری و مسلم)

[3] رمضان المبارک کی صرف ایک رات''لیلة القدر''کی عبادت کا ثواب ایک ہزار ماہ (۸۳سال۴ماہ) سے زیادہ ہے۔(سورۃ القدر:۳)

روزے کے فضائل و برکات اور فوائد وثمرات کے روحانی پہلو کے علاوہ اسکے طبی ونفسیاتی اور مادی فوائد بھی بکثرت ہیں۔(تفصیل کیلئے دیکھیئے: ماھنامہ مجلہ"منار الاسلام" ابوظھبی جلد ۶ شمارہ ۹ بابت ۱۴۰۱ھ ۱۹۸۱ء تفسیر المنار علّامہ رشید رضا مصری ۲/۱۴۴۔۱۴۹

احکام الصیام ڈاکٹر مصطفیٰ السباعی ص۳۸۔۴۰)

لغوی واصلاحی معنیٰ:

[4] الصوم (روزہ) کا لغوی معنیٰ ''کسی کام سے رک جانا ہے'' جبکہ اصطلاحی اعتبار سے ''صبح صادق سے لیکر غروبِ آفتاب تک پیٹ اور نفس کی خواہشات سے رکے رہنے کا نام روزہ ہے''۔

(تفسیر ابن کثیر ۲۱۳/۱، تفسیر المنار ۱۴۴/۲ فتح الباری ۱۰۲/۴،نیل الاوطار ۱۸۶/۴/۲)

سلامی یا استقبال کا روزہ:

[5] رمضان سے ایک دن پہلے استقبال وسلامی کا روزہ رکھنا یا رمضان کے آغاز وشعبان کی انتہاء میں شک کی وجہ سے روزہ رکھنا سخت منع ہے۔(صحیح بخاری و مسلم) شک کے دن کے روزے کو نبی ﷺ کی نافرمانی قرار دیا گیا ہے۔(سنن اربعہ و ابن حبان و دارمی)

رمضان کے دنوں کی تعداد:

[6] اس بات پر پوری امتِ اسلامیہ کا اجماع واتفاق ہے کہ کوئی عربی یا قمری مہینہ (رمضان یا غیر رمضان) انتیس (۲۹) دنوں سے کم اور تیس (۳۰) دنوں سے زیادہ نہیں ہوتا۔(بدایۃ المجتہد ۹۲/۲) یہ بات نبی اکرم ﷺ سے بھی ثابت ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

ترکِ روزہ کا گناہ:

[7] رمضان المبارک کے روزے بلا عذرِ شرعی ترک کرنا گناہِ کبیرہ ہے۔ (کتاب الکبائر علّامہ ذہبی ص۳۹)

ہلالِ عیدورمضان کی شہادت:

[8] ایک عاقل و بالغ، نیک خصال وصدق مقال اور قوی نظر مسلمان شہادت دے کہ اس نے

چاند دیکھا ہے تو اگلے دن روزہ رکھا جائے گا۔(ابوداؤد،ابن حبان، حاکم،بیھقی،دارمی)
البتہ عید کے چاند کیلئے دوآدمیوں کی گواہی چاہیئے۔(ابوداؤد،نسائی،دارقطنی،احمد)
[9] اگر کوئی ایسی شہادت ہو جو شرعاً معتبر نہ ہو، تو ایسے موقع پر شہادت دینے والا خواہ واقع میں سچا ہی کیوں نہ ہو، اسے اکیلے اپنی رؤیت پر عمل کر کے روزہ نہیں رکھنا چاہیئے اور نہ ہی اکیلے عید کرنا چاہیئے، بلکہ تمام مقامی مسلمانوں کے ساتھ رہنا چاہیئے۔(ابوداؤد،ترمذی،ابن ماجہ، دارقطنی،بیھقی)

اگر رؤیت کی غلطی کی وجہ سے رمضان کا پہلا روزہ چھوٹ گیا ہو، اور ۲۸ روزوں کے بعد شوال کا چاند نظر آجائے تو اگلے دن عید کرلیں۔لیکن عید کے بعد ایک روزہ قضاء کرلیں۔سعودی عرب خلیجی ممالک میں ایسا ہو چکا ہے۔(فتاویٰ اسلامیہ ۱۳۲/۲۔فتویٰ ابن بازؒ)

اختلافِ مطالع:

[10] پوری دنیا میں چاند کا مطلع ایک نہیں ہوسکتا، لہٰذا اختلافِ مطالع کا اعتبار ہوگا۔ہر ملک اپنی رؤیت کا پابند ہے۔(المغنی ابن قدامہ ۳۲۸/۴)

جہاں چاند نظر آجائے، وہاں سے مشرق کی جانب ۵۶۰ میل (۸۴۰ کلومیٹر) تک طلوعِ ہلال کا اعتبار ہوگا۔(فضائل واحکامِ رمضان، مولانا عبیداللہ رحمانی ص۸۔۱۲، جدید فقہی مسائل ص۷۹۔۸۰)

طویل الاوقات علاقوں میں روزے:

[11] قطبین اور انکے قریبی طویل الاوقات علاقوں میں نمازوں کے اوقات اور روزے کیلئے دن رات یا سحری وافطاری کیلئے وہاں معتدل شب وروز والے علاقوں کی طرح ہی ہر ۲۴ گھنٹے میں پانچ نمازیں اور بارہ ماہ مقرر کرکے ایک ماہ کے روزے رکھے جائیں گے۔(صحیح مسلم

وشرح نووی ۹/۱۸/۶۵-۶۶،صحیح سنن ترمذی ۲/۲۴۹،جدید فقہی مسائل ص ۸۴-۸۶)

دعاءِ رؤیتِ ہلال:

[12] رمضان، عید یا کسی بھی ماہ کا چاند پہلی مرتبہ دیکھیں، تو رؤیتِ ہلال کی یہ دعاء کریں:

((اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُمَّ اَهِلَّه، عَلَيْنَا بِا لْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضىٰ،رَبُّنَا وَرَبُّكَ اللّٰهُ))

(ابن حبان،دارمی،مستدرك حاكم، مسند احمد)

یا یہ کہیں:

((اَللّٰهُمَّ اَهِلَّه، عَلَيْنَا بِا لْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ، رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ)) (ترمذی شریف)

[13] بوقتِ دعاء چاند کی طرف منہ کئے کھڑے نہ رہیں، بلکہ دیکھیں اور اپنی راہ لیں اور دعاء کرتے جائیں۔(مصنف ابن ابی شیبه، آثارِ حضرت علی و ابن عباس رضی الله عنهما)

نمازِ تراویح:

[14] قیام اللیل، قیامِ رمضان، صلوٰۃ اللیل، تہجّد اور تراویح ایک ہی نماز کے مختلف نام ہیں، جن کی مسنون تعداد وتر سمیت گیارہ رکعتیں ہے۔(صحیح بخاری مع فتح الباری ۳/۳۳/۴/۲۵۱، صحیح مسلم مع نووی ۳/۶/۱۷)

[15] نمازِ تراویح کی بڑی فضیلت ہے۔یہ نماز تمام گناہوں کے کفّارے کا سبب ہے۔(صحیح بخاری و مسلم) البتہ یہ سنت ہے، فرض نہیں۔(صحیح بخاری و مسلم)
اسکی جماعت بھی سنت ہے۔ نبی ﷺ نے تین دن جماعت کروائی تھی۔(بخاری و مسلم)

[16] بیس تراویح والی مرفوع روایت صرف ایک ہے اور وہ ضعیف ہے۔(نصب الرایہ زیلعی،آثار السنن نیموی،تحفۃ الاحوذی مبارکپوری) **یہی معاملہ اس موضوع سے متعلقہ آثار کا ہے۔**(فتح الباری و تحفۃ الاحوذی و زاد المعادو نمازِ تراویح علّامہ البانی)

[17] آئمہ وفقہاء وعلماءِ احناف کی ایک معتد بہ تعداد نے گیارہ رکعتِ تراویح (مع وتر) کے ہی سنتِ رسول ﷺ ہونے کا اعتراف کیا ہے۔(عمدۃ القاری عینی ۱۷/۴،نصب الرایہ زیلعی ۱۵۲/۲،موطا امام محمد ص ۹۳ وص ۱۳۸۔۱۳۹،فتح القدیر شرح ھدایہ ۳۳۴/۱' التعلیق الممجد عبدالحی لکھنوی ص ۹۳، ۱۳۸ وعمدۃ الرعایہ حاشیہ شرح وقایہ ۲۰۷/۱و تحفۃ الاخیار ص ۲۸ و حاشیہ ھدایہ ۱۵۱/۱، المرقاۃملا علی قاری ۱۷۲/۲۔۱۷۵'اوجز المسالك مولانا محمد زکریا کاندھلوی، العرف الشذی علّامہ انور شاہ کشمیری ص ۳۰۹،۳۲۹، فیض الباری ۴۲۰/۱،کشف الستر ص ۲۷ 'لطائفِ قاسمیہ مولانا نانوتوی مکتوب سوئم،فتح سرّ المنّان ص ۳۲۷ 'البحرالرائق ابن نجیم ۶۶/۲،۷۲' حاشیہ علّامہ طحطاوی بر درمختار ۳۹۵/۱' فتاویٰ شامی ۴۹۵/۱ 'حاشیۃالاشباہ والنظائر للحموی ص ۹ 'شرح کنز الدقائق ابوالسعود ص ۳۶ 'مراقی الفلاح ابوالحسن ص ۲۴۷ 'ما ثبت بالسنۃ شیخ عبدالحق دھلوی ص ۲۹۲ و مدارج النبوّۃ ۴۶۵/۱ 'حاشیہ بخاری مولانا احمد علی سھارنپوری ۱۵۴/۱ و عین الھدایہ ص ۵۶۲ والمفاتیح لا سرار التراویح ص ۹ مصفّیٰ شرح مؤطا مع مسوّیٰ شاہ ولی اللہ دھلوی ۱۷۷/۱)

[18] نمازِ تراویح کے بعد دوبارہ باجماعت تہجّد یا نوافل ادا کرنا ثابت نہیں،البتہ انفرادی طور پر باعثِ اجروثواب ہے۔(فتویٰ مولانا عبید اللہ عفیف ہفت روزہ اھلحدیث لاھور جلد ۲۰، شمارہ ۲۱،۱۴۰۹ھ/ ۱۹۸۹ء)

بچوں کے روزے:

[19] بچوں کو روزے رکھوانا چاہیئے، تاکہ وہ عادی ہو جائیں۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہی عمل تھا۔(صحیح بخاری و مسلم)

سحری کے مسائل:

[20] روزہ کی صرف دل سے کی گئی نیت کافی ہے۔(فتاویٰ ابن تیمیہؒ ۲۲/ ۲۱۷۔۲۵۵ ،فتح الباری، ۱۳/۱ زاد المعاد ۲۰۱/۱)

وَبِصَوْمِ غَدٍ..... کے الفاظ والی نیت مسنون نہیں بلکہ خودساختہ ہے۔(اشعة اللمعات شیخ عبدالحق دہلوی حنفی ص۱۹،ھدایہ،عمدۃالرعایۃ لکھنوی ص۱۲۹،مکتوبات مجدّدالف ثانی دفتر اول مکتوب:۱۸۶،بہشتی زیور حصّہ دوم ص۱۳)

[21] سحری کھانا نبی ﷺ کی سنت اور باعثِ برکت ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

اہلِ کتاب اور مسلمانوں کے روزوں میں فرق صرف سحری کھانا ہی ہے۔(بخاری و مسلم)

وہ چاہے ایک لقمہ (سنن سعید بن منصور) یا پانی کا ایک گھونٹ ہی کیوں نہ ہو۔(ابن عساکر، صحیح الجامع الصغیر ۴۱/۳/۲) سحری کسی بھی حلال چیز سے ہوسکتی ہے، البتہ ''مومن کی بہترین سحری کھجور ہے''۔(صحیح سنن ابی داؤد)

[22] رات کے آخری تہائی حصّہ سے لیکر آذان تک سحری کھائی جاسکتی ہے، حتیٰ کہ آذان کے وقت تک کوئی کھا پی رہا ہے، اور آذان شروع ہوگئی تو وہ دورانِ آذان پانی وغیرہ پی سکتا ہے۔'' (صحیح سنن ابی داؤد) رات بھر کھاتے پیتے رہنا اور اصل سحری کے وقت سے پہلے ہی سو جانا

خلافِ سنت اور باعثِ نحوست اور بے برکتی ہے۔

افطاری کے مسائل:

[23] سورج غروب ہوتے (آذان سنتے) ہی روزہ افطار کرلینا چاہیئے۔''اسی میں خیر وبھلائی ہے۔''(صحیح بخاری و مسلم)

''افطاری میں بلاوجہ تاخیر کرنا یہود ونصاریٰ کا فعل ہے۔''(ابوداؤد،نسائی،ابن ماجہ، حاکم)

[24] ''روزہ تازہ کھجور یا پھر خشک کھجور ورنہ پانی سے افطار کرنا مسنون ہے۔''(ابوداؤد،حاکم ترمذی،ابن ماجہ، ابن حبان، دارمی،مسند احمد)

نمک سے روزہ افطار کرنے کا کوئی ثبوت ہماری نظر سے نہیں گزرا۔

روزہ افطار کرنے کی دعاء:

[25] **((اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ))**

(سنن کبریٰ بیہقی،مصنف ابن ابی شیبہ،عمل الیوم واللیلۃ ابن السنّی،الزھد ابن المبارک)

اس دعاء والی حدیث کی سند پر شیخ غازی عزیر(الجبیل) نے کلام کیا ہے۔(ترجمان دہلی جلد۱۴, شمارہ۷، ۱۴۱۴ھ ۱۹۹۴ء) جبکہ علاّمہ البانی نے اسے مرسل(ضعیف) قرار دیتے ہوئے شواہد کی بناء پر قوی کہا ہے۔(تحقیق مشکوٰۃ ۶۲۱/۱،ارواء الغلیل ۳۸/۴)

بہرحال اس دعاء میں جو **((وَبِکَ اٰمَنْتُ وَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ))** کے الفاظ ہیں،وہ ثابت نہیں ہیں۔البتہ ایک دوسری حدیث میں یہ دعاء بھی ہے:

((ذَھَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ وَثَبَتَ الْاَجْرُاِنْ شَآءَ اَللّٰہُ))

(ابوداؤد،السنن الکبریٰ نسائی، دارقطنی،مستدرک حاکم،ابن السنی)

افطاری کے وقت دعاء قبول ہوتی ہے۔(ترمذی، ابن ماجہ،ابن السنّی،ابن حبان، مستدرك حاکم،ابن عساکر ،تحقیق زادالمعاد ۵۲/۲،الارواء۴۴/۴)

[26]روزہ افطار کروانے والے کو بھی روزے دار جتنا ثواب دیا جاتا ہے اور روزے دار کا ثواب بھی کم نہیں کیا جاتا۔(ترمذی،نسائی،ابن ماجہ ،ابن خزیمہ،ابن حبان،مسند احمد)

روزے کے مباحات (جن سے روزہ نہیں ٹوٹتا):

[27]مسواک کرنا،صبح ہو یا شام اور مسواک خشک ہو یا تر۔(ترجمة الباب بخاری،ترمذی، مسند احمد) سہ پہر کو مسواک کی ممانعت کا پتہ دینے والی روایت ضعیف و نا قابلِ حجت ہے۔ اور تر مسواک پر قیاس کرتے ہوئے ہی[28] منجن اور[29]ٹوتھ پیسٹ کا (احتیاط کے ساتھ)استعمال روا ہے۔(فتاویٰ شیخ ابن باز،مجلہ الدعوۃ،شمارہ ۱۰۴۱ رمضان ۱۴۰۶ھ/ ۱۹۸۶ء)[30]بوقتِ ضرورت سالن چکھ کر تھوک دینا۔(ترجمة الباب بخاری)

[31] کلی کرنا اور[32]احتیاط کے ساتھ ناک میں پانی ڈالنا۔(ابوداؤد، ترمذی،نسائی ابن ماجہ،ابن خزیمہ، حاکم)[33] بھول کر کچھ کھا پی لینا۔(صحیح بخاری و مسلم)

[34]نہانا اور[35]سر پر پانی ڈالنا۔(ابوداؤد،نسائی،مؤطا مالك،مسند احمد)

[36]جنابت کی حالت میں روزہ رکھنا۔(صحیح بخاری و مسلم)

[37]بیوی کا بوسہ لینا اور[38]بغلگیر ہونا۔(صحیح بخاری و مسلم) البتہ جسے اپنے نفس پر اختیار نہ ہو اور بوس و کنار کے نتیجہ میں جماع میں واقع ہوجانے کا خدشہ ہو، اسکے لئے یہ مکروہ ہے۔(بخاری ومسلم،ابوداؤد)

[39] **سینگی لگوانا،فصد کروانا یا پچھنے لگوانا۔**(صحیح بخاری،دارقطنی،بیھقی)
[40] **سرمہ لگانا۔**(ترمذی و الفتح الربانی) **اسی کے تحت آنکھ میں قطرے(آئی ڈراپس) یا کوئی دوسری دوا بھی آجاتی ہے۔**(فقہ السنہ) **[41]** **بخُور کرنا۔[42]** **عطر لگانا۔[43]** **جسم پر تیل لگانا۔[44]** **کوئی خوشبو سونگھنا۔**(فتاویٰ ابن تیمیہ،فقہ السنہ، تحفۃ الاحوذی)
اسی سے اگربتی کے جواز کا بھی پتہ چلتا ہے۔[45] **خود بخود قے آجانا۔**(ابوداؤد،ترمذی،ابن ماجہ،ابن حبان،مسند احمد،حاکم) **[46]** **ٹیکہ لگوانا(جو دوائی ہو،غذائی نہ ہو)۔**(فتاویٰ علماء حدیث،فتاویٰ ابن تیمیہ،فقہ السنہ، جدید فقھی مسائل،فتاویٰ ابن باز مجلۃ البلاغ کویت،شمارہ ۶۵۰ رمضان ۱۴۰۲ھ/ ۱۹۸۲ء)

روزے کے مُبطلات(جن سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے):

[47] **جان بوجھ کر کچھ کھا پی لینا۔کیونکہ روزے کے دوران کچھ نہ کھانا پینا ہی تو روزے کا رکنِ اعظم ہے۔(☆اور جمہور اہل علم کے نزدیک اس پر قضاء واجب ہے۔)[48]** **جماع کر لینا۔**(صحیح بخاری و مسلم) **اس پر بالاتفاق قضاء اور مرد پر کفّارہ بھی ہے۔یعنی اسکی جگہ ایک روزہ رکھے، اور غلام آزاد کرے، یا مسلسل ساٹھ روزے رکھے، یا ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے۔**(بخاری و مسلم،المغنی،فقہ السنہ)**[49]** **عمداً یعنی جان بوجھ کر قے کرنا۔**(ابوداؤد،ترمذی، ابن ماجہ، ابن حبان،مسند احمد،مستدرک حاکم)**اور اس پر قضاء واجب ہے۔**
[50] حیض ونفاس کا خون شروع ہوجانا، چاہے غروبِ آفتاب کے کچھ پہلے ہی کیوں نہ آجائے۔اس عرصہ میں چھوٹی ہوئی نمازیں تو معاف ہیں،مگر روزوں کی قضاء واجب ہے۔(بخاری و مسلم،فقہ السنہ)

[51] کچھ نگل لینا،اگر چہ وہ چیز غذا کے طور پر استعمال ہونے والی نہ ہو۔(المغنی)

[52] سحری وافطاری میں غلطی ،یعنی قبل از وقت روزہ افطار کر لینا یا بعد از انتہاء سحری دیر تک کھاتے پیتے رہنا،اس پر احتیاطاً اس دن کی قضاء ہے۔(بخاری ،المغنی ، فقہ السنہ)

[53] جان بوجھ کر کسی طرح مادۂ منویہ خارج کر لینا۔(اس پر قضاء واجب ہے)البتہ محض نظر یا سوچ سے ایسا ہو جائے ،سوتے میں بدخوابی ہو جائے ، یا مذی خارج ہو جائے ،تو اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا ہے۔(فقہ السنہ)

اصحابِ رخصتِ قضاء:

[54] بیمار، جسے روزہ رکھنے سے بیماری بڑھنے، شفاء متاخّر ہونے ، یا اس کے مرنے کا ڈر ہو۔ (سورۃالبقرہ:۱۸۵ و فقہ السنہ و احکام القرآن جصّاص)

[55] دائم المرض آدمی ہر روزہ کے بدلے فدیہ دیتا جائے ،اس پر قضاء بھی واجب نہیں۔ (الفقہ علی المذاہب الاربعہ)

[56] عمر رسیدہ مرد یا عورت جسکے لئے روزہ رکھنا ممکن نہ ہو۔ وہ صرف فدیہ دے دیں۔اور اگر وہ فقیر بھی ہوں،تو ان پر فدیہ وقضاء کچھ بھی نہیں۔(صحیح بخاری،الفقہ علی المذاہب الاربعہ، تفسیر ابن کثیر ،ارواء الغلیل ،فتاویٰ علماء حدیث)

[57] حمل یا چھوٹے بچے کو دودھ پلانے والی عورت کو بھی قضاء کرنے کی اجازت ہے۔البتہ ہر روزے کے ساتھ ہی فدیہ بھی دے دے۔(بخاری،سننِ اربعہ،فتاویٰ علماء حدیث)

[58] حیض ونفاس والی عورتیں، یہ بعد میں اتنے روزے قضاء کر لیں۔(بخاری و مسلم)

[59] مسافر،(سورۃ البقرہ: ۱۸۵) جس سفر میں نماز قصر کی جا سکتی ہے،اسی میں روزہ بھی قضاء

کیا جاسکتا ہے۔

لیلۃ القدراوراعتکاف:

[60] لیلۃ القدر رمضان کے آخری عشرہ کی طاق راتوں (۲۱،۲۳،۲۵،۲۷،۲۹) میں سے ایک ہے۔(صحیح بخاری و مسلم) ماہِ رمضان ماہِ قرآن اور لیلۃ القدر،شبِ قرآن ہے۔(سورۃ البقرہ: ۱۸۵،سورۃالدخان:۳،سورۃ القدر:۳)

اسی ایک رات کی عبادت کا ثواب ایک ہزار ماہ (۸۳سال۴ماہ) سے زیادہ ہے۔(القدر:۳)

اس رات کے اگلے دن کا سورج اسطرح طلوع ہوتا ہے کہ اسکی شعائیں نہیں ہوتیں۔(مسلم)

یہ رات بالکل صاف اور روشن ہوتی ہے۔اسمیں سکون ودلجمعی ہوتی ہے نہ گرمی اور نہ سردی ہوتی ہے اور نہ صبح تک ستارے جَھڑتے ہیں۔(تفسیر ابن کثیر)

[61] اسی کی تلاش میں اعتکاف کیا جاتا ہے، جوکہ سنتِ رسول ﷺ ہے۔(بخاری ومسلم)

[62] اکیسویں شب کے آغاز میں اعتکاف کی نیّت سے مسجد میں داخل ہوجائیں اور فجر پڑھ کر جائے اعتکاف میں داخل ہوجائیں۔(بخاری ومسلم،الفتح الربانی،فتاویٰ علماء حدیث)

[63] اعتکاف صرف مسجد (جامع مسجد) ہی میں ہوسکتا ہے۔(سورۃ البقرہ: ۱۸۷،بخاری و مسلم، تحفۃ الاحوذی،فقہ السنہ،فتاویٰ علماء حدیث)

مباحاتِ اعتکاف:

[64] اعتکاف کے دوران نہانا، تیل لگانا اور کنگا کرنا جائز ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[65] گھر والوں سے ضروری بات کرنا اور انہیں باہر کے دروازے تک الوداع کرنا۔(صحیح بخاری و مسلم)

[66] مسجد میں مخصوص جگہ (کپڑا وغیرہ لگا کر) بنالینا۔(ابن ماجه)

ممنوعاتِ اعتکاف:

[67] اعتکاف والا آدمی اپنی بیوی کو شہوت کے ساتھ چھو نہیں سکتا، نہ بوس و کنار کرسکتا ہے، نہ کسی کے جنازے میں شرکت کرسکتا ہے اور نہ کسی مریض کی مزاج پرسی کرسکتا ہے۔(ابوداؤد)

[68] فضول گوئی سے بچیں۔(ترمذی و ابن ماجه) البتہ مباح گفتگو وغیرہ میں کوئی حرج نہیں۔ (صحیح بخاری و مسلم)

شبینہ:

[69] تین دن سے کم عرصہ میں قرآنِ کریم ختم کرنے والے کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ اس نے قرآن کو سمجھا ہی نہیں۔(ابوداؤد، ترمذی، دارمی)

نبی ﷺ نے ایک رات میں کبھی بھی پورا قرآن نہیں پڑھا, لہٰذا مروجہ شبینہ جائز نہیں۔

(زاد المعاد، فتاویٰ علماء حدیث، جدید فقهی مسائل)

اور ایک رات میں قرآن پڑھنے والی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے متعلقہ روایت ضعیف ہے۔

صدقۂ فطر:

[70] صدقۂ فطر فرض ہے۔(سورة الاعلیٰ:۱۴۔۱۵، ابن ماجه)

[71] یہ فضول گوئی و نازیبا بات کا کفّارہ اور روزے کو پاک کرتا ہے۔(ابوداؤد)

[72] یہ ہر آزاد، غلام، مرد، عورت، چھوٹے بڑے مسلمان پر فرض ہے اور اسکی مقدار ایک صاع (2.50 کلوگرام) ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[73] یہ کھجور، گندم، جَو، پنیر، کشمش (غلے کی اقسام) سے دیا جاسکتا ہے۔(بخاری و مسلم)

چاول، کنگنی، چینا، جوار، مکئی، باجرہ، ماش، چنا، مٹر، انجیر اور خشک توت سے بھی فطرانہ نکالا جاسکتا ہے۔(فتاویٰ علماء حدیث)

[74] حنابلہ، مالکیہ اور شافعیہ کے نزدیک صرف غلے سے ہی فطرانہ دینا ضروری ہے۔ مالکیہ کے نزدیک نقدی میں فطرانہ کفایت تو کر جائے گا، مگر مکروہ ہے۔ البتہ احناف کے نزدیک نقدی بھی جائز ہے۔ بہر حال کسی خاص مجبوری کے سوا غلہ ہی دینا چاہیئے، تاکہ نقدی کی شکل میں آج فطرانہ، پھر ہدی وقربانی اور پھر کہیں دیگر فرائض واسلامی شعائر کی قیمت لگانے کا بھی نہ سوچا جانا شروع ہوجائے۔(الفقه على المذهب الاربعه،الفتح الربانی)

[75] نمازِ عید سے پہلے ادا کریں۔(صحیح بخاری و مسلم)

[76] عید سے دو ایک دن پہلے ادا کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عمل تھا۔(بخاری و مسلم)

[77] یہ بھی فقراء ومساکین، جہاد ومجاہدین وغیرہ ان آٹھوں مصارف میں صرف کیا جاسکتا ہے، جو مصارفِ زکوٰۃ ہیں۔(سورۃ التوبہ: ٦٠)

[78] اجتماعی طریقہ اختیار کیا جائے تو بہتر ہے۔ پہلے مقامی مستحقین کو دیں، پھر جو بچ جائے دوسرے علاقوں اور ممالک کو بھی بالاتفاق بھیج سکتے ہیں۔(الفتح الربانی، فقه السنه)

نفلی روزے:

[79] ''جس نے رمضان کا مہینہ روزے رکھے(30×10=300)اور پھر شوال کے بھی چھ(شش عیدی) روزے رکھ لئے (6×10=60) تو اس نے گویا ہمیشہ (سال بھر یعنی ٣٦٠ دنوں کے) روزے رکھے۔''(صحیح مسلم،ابوداؤد،ترمذی،ابن ماجه)

[80] نبی ﷺ ''ذوالحج کے پہلے نو دنوں کے روزے رکھا کرتے تھے۔''(ابوداؤد،نسائی،

بیہقی،مسند احمد)

[81] نو ذوالحج (یومِ عرفہ) کا روزہ اس سے پہلے اور پچھلے دوسالوں کے (صغیرہ) گناہوں کا کفّارہ ہوجاتا ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

البتہ حاجیوں کے لئے بالاتفاق عرفہ کا روزہ رکھنا منع ہے۔(الفتح الربانی)

[82] ماہِ محرّم کے روزے رمضان کے بعد افضل ترین روزے ہیں۔(بخاری و مسلم)

خصوصاً یومِ عاشوراء (دس محرم) کا روزہ ایک سال کے (صغیرہ) گناہوں کا کفّارہ ہو جاتا ہے۔(صحیح مسلم،ابوداؤد، بیہقی)

اسکے ساتھ ہی نو محرّم کا روزہ ملا لینا بھی سنت ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[83] ماہِ شعبان میں بھی نبی ﷺ بکثرت روزے رکھا کرتے تھے۔(بخاری و مسلم)

البتہ استقبالِ رمضان یا سلامی، اسی طرح نصف شعبان کے روزے ثابت نہیں ہیں۔جیسا کہ شروع میں بادلیل وحوالہ تذکرہ ہوا ہے۔

[84] ہر ماہ کے ایامِ بیض (۱۳،۱۴،۱۵) کے روزے رکھنا سنت وثواب ہے۔(صحیح مسلم)

ماہِ رمضان اور ایامِ بیض کے روزوں کا ثواب پورے سال کے روزوں جتنا ہوجاتا ہے(مسلم)

[85] ہر سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھنا بھی سنت ہے۔(ترمذی ونسائی)

نبی ﷺ ان دنوں کا روزہ رکھتے تھے، کیونکہ ان دنوں میں بندوں کے اعمال اللہ کے حضور پیش کئے جاتے ہیں۔(ترمذی) سوموار کے روزے کے بارے میں فرمایا کہ اس دن میں پیدا ہوا اور نبی بنایا گیا تھا۔(صحیح مسلم)

[86] صومِ داؤدی (ایک دن روزہ اور ایک دن چھٹی) کو نبی ﷺ نے افضل روزے قرار دیا

ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

البتہ بلاناغہ ہمیشہ روزے رکھتے جانے والوں کے بارے میں نبی ﷺ نے فرمایا: ''اس نے نہ روزہ رکھا نہ افطار کیا'' (یعنی اسکا عمل بیکار گیا)۔(صحیح مسلم)

[87] ہر ہفتہ اور اتوار کو بھی روزہ رکھنا چاہیئے، تا کہ یہودیوں اور عیسائیوں کی مخالفت ہو جائے۔(نسائی)

[88] نفلی روزہ جب چاہیں توڑ لیں، اس پر کوئی قضاء و کفّارہ نہیں ہے۔(نیل الاوطار)

ممنوع روزے اور ممنوع انداز:

[89] عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے روزوں سے نبی ﷺ نے منع فرمایا ہے۔(بخاری و مسلم)

[90] ذوالحج کی ۱۱،۱۲،۱۳ تاریخ (ایامِ تشریق) کے روزے بھی منع ہیں۔(مسلم واحمد)

سوائے اسکے جسے ہدی (قربانی) کا جانور نہ ملے۔(صحیح بخاری)

یعنی اسکے بدلے میں وہ دس روزوں میں سے تین اُن دنوں میں رکھ سکتا ہے۔

[91] شوہر موجود ہو، تو اسکی اجازت کے بغیر عورت نفلی روزہ نہیں رکھ سکتی۔(بخاری و مسلم)

[92] صرف جمعہ کا اکیلا روزہ رکھنا منع ہے۔اس سے پہلے جمعرات یا بعد میں ہفتہ کا روزہ بھی رکھے تو جائز ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[93] اکیلے اتوار کا نفلی روزہ بھی منع ہے۔(ابوداؤد،ترمذی،نسائی ابن ماجه)

[94] شک کے دن کا روزہ رکھنا (کہ شاید رمضان کا چاند نکل گیا ہو، مگر نظر نہ آیا ہو) یہ بھی ممنوع ہے۔جیسا کہ شروع میں باحوالہ بات گزری ہے۔

عیدین کے مسائل:

[95] جمہور علماء امت کے نزدیک نمازِ عید سنتِ مؤکدہ ہے۔ البتہ بعض نے فرض کفایہ اور بعض نے واجب بھی کہا ہے۔(الفروع للنووی،الفقه علی المذهب الاربعه،المغنی، الفتح الربانی، تمام المنّه،الروضه الندیه)

[96] یومِ عید سے پہلی رات کی فضیلت کے بارے میں کوئی حدیث صحیح نہیں، البتہ بعض آثارِ صحابہ رضی اللہ عنہم ملتے ہیں۔(قیام اللیل مروزی)

[97] عید کے دن غسل کرنے کے مستحب ہونے کے بارے میں بھی بعض آثار ہی ملتے ہیں۔

(مسند احمد، مؤطا مالك)

[98] عیدین اور جمعہ کے دن خوبصورت لباس پہننا اور خوشبو لگانا چاہیئے۔(بخاری و مسلم)

[99] عید الفطر کیلئے کچھ کھا کر(صحیح بخاری)اور عید الاضحیٰ سے آ کر کھانا چاہیئے۔(ترمذی، ابن ماجه،دارمی،مسند احمد) عید الاضحیٰ کی سنت کو نصف دن کا روزہ کہنا جہالت ہے۔

[100] عیدین کیلئے مسنون و افضل یہ ہے کہ شہر سے باہر جا کر پڑھیں۔ البتہ بعض ضعیف روایات سے مسجد میں پڑھنے کا اشارہ بھی ملتا ہے۔(ابوداؤد،ابن ماجه، مستدرك حاكم و تلخیص الحبیر ابن حجر)

[101] عورتوں اور بچوں کو بھی عیدگاہ جانا چاہیئے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[102] پیدل اور سوار ہو کر دونوں طرح عیدگاہ جانا جائز ہے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[103] عیدگاہ جانے اور آنے کا راستہ بدل لینا چاہیئے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[104] تکبیراتِ عید:(ا) ((اَللّٰهُ اَكْبَرُ،اَللّٰهُ اَكْبَر كَبِيْراً)) (مصنف عبدالرزاق)

(ب) ((اَللّٰهُ اَكْبَرُ،اَللّٰهُ اَكْبَرُ،لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ،وَاللّٰهُ اَكْبَرُ،

اَللّٰهُ اَكْبَرُ،وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ)) (مصنف ابن ابی شیبہ)

[105] عیدالفطر کے دن، گھر سے نکلنے سے لیکر خطبہ شروع ہونے تک اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر نو ذوالحج (یومِ عرفہ) کی صبح سے لیکر ۱۳ ذوالحج کی عصر تک تکبیریں کہتے رہیں۔(فتح الباری)

[106] نمازِ عیدالفطر کا وقت سورج کے دو نیزے اور عیدالاضحیٰ کا ایک نیزہ بلند ہونے سے شروع ہوجاتا ہے۔(التلخیص والارواء وفقه السنه)

[107] نمازِ عید کی دو رکعتوں سے پہلے یا بعد میں کوئی سنت نماز ثابت نہیں۔(بخاری و مسلم)

[108] نمازِ عید سے واپس لوٹ کر اپنے گھر میں دو رکعتیں پڑھنا ثابت ہے۔(ابن ماجه، ابن خذیمه،بیهقی، مسند احمد)

[109] نمازِ عید کیلئے نہ آذان ہے، نہ اقامت۔(زاد المعاد،فقه السنه)

[110] نمازِ عید کی صرف دو رکعتیں ہیں۔(صحیح بخاری و مسلم)

[111] نمازِ عید کی دو رکعتیں عام دو رکعتوں کی طرح ہی پڑھی جاتی ہیں۔صرف پہلی رکعت میں تکبیرِ تحریمہ اور دعاءِ استفتاح کے بعد سات اور دوسری رکعت میں تکبیرِ قیام کے بعد پانچ تکبیریں اضافی کہی جاتی ہیں،جنہیں تکبیراتِ زوائد کہا جاتا ہے۔(ابو داؤد، ابن ماجه،حاکم، بیهقی، دارقطنی، مسند احمد، معانی الآثار طحاوی،مصنف ابن ابی شیبه)

[112] احناف کے یہاں تکبیراتِ زوائد صرف چھ ہیں۔تین پہلی رکعت میں قراءت سے پہلے اور تین دوسری رکعت میں قراءت کے بعد۔لیکن اسکی دلیل والی روایت ضعیف ہے۔

(عون المعبود،تحفة الاحوذی، نیل الاوطار،الفتح الربانی)

[113] یہ تکبیراتِ زوائد سنت ہیں اور اگر بھول کر چھوٹ جائیں،تو اس پر سجدۂ سہو بھی نہیں

ہے۔(المغنی،نیل الاوطار)

[114] ان تکبیرات کے مابین کوئی ذکر ودعاء نبی ﷺ سے تو ثابت نہیں، البتہ ایک اثر میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہر دو تکبیروں کے مابین:

((سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ)) کہیں۔

(بیهقی،معجم طبرانی کبیر)

[115] ان تکبیراتِ زوائد کے ساتھ ہر مرتبہ رفع یدین کرنا(دونوں ہاتوں کو کندھوں یا کانوں تک اٹھانا) چاہیئے۔(مسند احمد،طیالسی،دارمی،بیهقی وغیره)

البتہ بعض علماء نے جنازہ وعیدین کی تکبیرات کے ساتھ رفع یدین کی عدمِ سنّیت کے قول کو صحیح تر قرار دیا ہے۔(تمام المنّة،الارواء)

[116] نمازِ عید کی قراءت جہری ہے۔(صحیح مسلم)

[117] نمازِ عید کے بعد امام کو خطبہ دینا چاہیئے۔(صحیح بخاری و مسلم)

[118] خطبہ کا آغاز مسنون خطبہ سے ہی کرنا چاہیئے۔(زادالمعاد)

جن بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ تکبیرات سے آغاز ہو وہ ضعیف ہیں۔(ابن ماجه، بیهقی، مستدرك حاكم،المغنی، زادالمعاد، الارواء، فقه السنه)

[119] عیدین کا خطبہ ایک ہی مسنون ہے، جمعہ کی طرح دو نہیں۔(الارواء،فقه السنه)

[120] عیدگاہ میں منبر لیجانا جائز نہیں، امام ویسے ہی کھڑے ہو کر خطبہ دے(بخاری و مسلم)

---

[1] آئندہ چند صفحات میں مذکور پچاس(۵۰) نصیحتوں پر مشتمل ایک رسالہ دارالقاسم الریاض کی طرف سے شائع ہوا تھا اور یہ اسی کا اردو ترجمہ ہے۔

[121] **عید کا خطبہ سننا سنت ہے۔**(صحیح بخاری و مسلم)

اگر کسی کو عذر و ضرورت ہو، تو بلا سنے نکل آنا جائز ہے۔(ابوداؤد،نسائی،ابن ماجہ، ابن خذیمہ،دارقطنی، بیہقی، مستدرک حاکم)

[122] **عید کی نماز کے لئے بھی دوسری جماعت کروائی جاسکتی ہے۔**(صحیح بخاری)

[123] **عید مبارک کہنے کے لئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ایک دوسرے کو:**

((تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَ مِنْكُمْ)) کہا کرتے تھے۔ (فتح الباری،تمام المنّہ)

[124] **نمازِ عید کے بعد معانقہ (گلے ملنا) ثابت نہیں۔**(فتاویٰ علّامہ شمس الحق عظیم آبادی،صاحبِ عون المعبود)

[125] **عید و جمعہ ایک ہی دن میں آجائیں تو جمعے کی فرضیّت ساقط ہوجاتی ہے۔**(صحیح بخاری،ابوداود،ابن ماجہ،نسائی،ابن خذیمہ،بیہقی،مسند احمد،مستدرک حاکم)

روزہ داروں کیلئے چند ضروری نصیحتیں

1 - روزے کے صرف طبی و معاشرتی پہلوؤں اور فوائد کو ہی مدِّ نظر نہ رکھیں اور یہ نہ بھول جائیں کہ یہ اللہ کی ایک عظیم عبادت ہے۔

2 - راتوں کو جاگ جاگ کر دن اور دنوں کو سوسو کر راتیں نہ بنادیں۔

3 - فرض نمازوں سے سوئے نہ رہیں، خصوصاً نماز ظہر و عصر سے۔

4 - رنگا رنگ کھانوں اور مشروبات میں فضول خرچی نہ کریں ۔

5 - بے فائدہ امور اور لایعنی لہو ولعب یا کھیل کود میں وقت ضائع نہ کریں۔

6 - سحری قبل از وقت کھا کر سو جانا، نمازِ فجر کے قضاء کر دینے کا سبب بنتا ہے۔

7 - افطار سے تھوڑا قبل جنونی تیز رفتاری سے گاڑیاں چلانا خطرے سے خالی نہیں۔

8 - روزے کے دوران سخت مزاجی اور دوسروں سے گالی گلوچ نہ کریں۔

9 - نمازِ تراویح کو درمیان میں ہی چھوڑ کر نہ نکل جائیں۔

10 - کھیل کود کیلئے گلیوں اور سڑکوں کے کناروں پر جمع نہ ہوں ۔

11 - جھوٹ، غیبت و چغلی اور ممنوع مذاق سے اپنے روزے کی روح کو مجروح نہ کریں۔

12 - رمضان کے مہینہ کو سُستی و کاہلی اور بکثرت سونے کا موسم نہ بنالیں۔

13 - رمضان میں اللہ کی عبادت کر کے اور رمضان سے پہلے اور بعد میں عبادت سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو ''رمضانی'' نہ بنالیں بلکہ ہمیشہ عبادت گزار رہ کر رحمانی بنیں۔

14 - رمضان میں تو مساجد میں حاضر مگر بعد میں مساجد سے منہ موڑ لینے والا رویّہ نہ اپنائیں۔

15 - آذان کے شروع ہوتے ہی کھانا پینا بند کر دینا چاہیئے، آذان کے وسط یا آخر تک ہی کھاتے پیتے نہیں رہنا چاہیئے ۔

16 - بعض لوگ اگر بھول کر کچھ کھا پی لیں تو اُسے بڑا بُرا محسوس کرتے اور سمجھتے ہیں کہ یہ روزے کو مجروح کر دیتا ہے، اور اسکے صحیح ہونے میں شک کرنے لگتے ہیں، جبکہ نبی ﷺ نے بیان فرمایا ہے کہ ایسے شخص پر کوئی مؤاخذہ نہیں، اُسے تو اللہ نے کھلایا اور پلایا ہے۔

17 - اگر کوئی بھول کر کچھ کھا پی لے تو سمجھدار لوگ اسے یہ نہیں بتاتے کہ بھئی تمہارا روزہ صحیح ہے جسکے نتیجہ میں وہ کھلے عام کھانے پینے لگتا ہے اور اسے دیکھ کر فاجر و فاسق لوگوں کو بھی ہمّت ملتی ہے کہ وہ بھی رمضان میں دن کے وقت کھاتے پیتے پھریں۔

18 - آذان ختم ہوجانے کے بعد تک روزہ افطار کرنے میں تاخیر کرنا غلط ہے، جبکہ نبی ﷺ کا حکم اور سنت یہ ہے کہ غروبِ آفتاب پر فوراً روزہ افطار کرلیا جائے ۔

19 - بعض لوگ دوپہر [زوال] کے بعد مسواک نہیں کرتے اور سمجھتے ہیں کہ یہ روزے کے صحیح ہونے میں نقصان دہ ہے، جبکہ نبی ﷺ روزے کی حالت میں صبح، دوپہر، سہ پہر، سارا دن مسواک کیا کرتے تھے۔

20 - اگر کوئی جماع کرلے یا احتلام ہوجانے سے جُنبی [جس پر غسل فرض ہوتا ہے] ہوجائے اور اسی حالت میں اسے سحری کا وقت ہوجائے تو وہ اُسے بڑا بُرا محسوس کرتا ہے اور سمجھتا ہے کہ اسطرح روزہ خراب ہوجاتا ہے، حالانکہ نبی ﷺ کو جُنبی ہونے کی حالت میں سحری ہوجاتی، آپ ﷺ کھانا کھالیتے اور پھر فجر کیلئے غسل فرماتے اور روزہ پورا کیا کرتے تھے ۔

21 - روزے کے بہانے سے اپنے کام اور سرکاری ذمہ داریوں میں کوتاہی کرنا صحیح نہیں، روزہ تو اللہ کو نگران سمجھنے کے سلسلہ میں تربیّتِ نفس کی ایک بہترین ٹریننگ ہے ۔

22 - بعض لوگ رمضان کی راتوں میں اپنی بیوی سے جماع کرنا حرام سمجھتے ہیں، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے :

﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلىٰ نِسَآءِ كُمْ﴾ (سورة البقرہ:۱۸۷)

''روزے کی رات کو تمہارے لئے اپنی بیوی سے جماع کرنا حلال کردیا گیا ہے''۔

23 - بعض لوگ اپنے بچوں کو روزہ رکھنے سے منع کردیتے ہیں کہ وہ ابھی بالغ نہیں ہوئے، اور ان کے لئے روزے فرض نہیں، اور ڈرتے اس بات سے ہیں کہ روزے رکھنے سے کمزور ہوجائیں گے، حالانکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنے بچوں کو نیکی واطاعت کے کاموں کی باقاعدہ

مشق کروایا کرتے تھے، اور روزے رکھواتے تھے جبکہ وہ بچے بھی ابھی چھوٹی عمروں کے ہوتے تھے، کمسنی اور روزے کی وجہ سے عصر کے بعد وہ بھوک سے رونے لگتے تو صحابہ رضی اللہ عنہم انہیں کھلونے دے دیتے تاکہ انہیں دیکھ کر کھیلنے لگیں اور کھانے کا خیال چھوڑ دیں۔

24 - کچھ لوگ نمازِ عشاء کے باجماعت فرض ادا کرنے سے محض اس لئے رہ جاتے ہیں کہ وہ جس امام کے ساتھ تراویح پڑھنے کے عادی ہیں، وہ اسی تک ہر شکل میں پہنچ کر ہی نماز پڑھیں گے، حالانکہ کسی مسلمان کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ فرضوں سے بھی زیادہ اہتمام نفلوں کا کرے, اور نمازِ عشاء فرض ہے، جبکہ نمازِ تراویح نفل وسنت ۔

25- طویل اوقات صرف جرائد ومجلّات اور اخبارات ورسائل پڑھنے میں ضائع کر دیئے جاتے ہیں، جبکہ ان میں سے اکثر لایعنی وبے سود اور رضاءِ الٰہی کے منافی ہوتے ہیں ۔

26- نمازِ تراویح میں بعض لوگ بڑے زور زور سے روتے ہیں جو کہ دوسروں کے لئے تشویش کا باعث اور انکے خشوع وخضوع میں خلل کا سبب بنتا ہے۔

روزہ دار خواتین کے لئے

چند نصائح

27/1 - خواتین کا اکثر وقت کچن میں ہی گزر جاتا ہے اور وہ رمضان کی قیمتی گھڑیوں کو اللہ عزّ وجّل کی اطاعت میں گزار کر اپنے لئے زادِ راہ جمع کرنے میں کوتاہی کر جاتی ہیں۔

28/2- بعض خواتین روزے کی حالت میں دن کے وقت مہندی لگانے کو اچھا نہیں سمجھتیں اور

یہ خیال کرتی ہیں کہ اس طرح روزہ ٹوٹ جاتا ہے حالانکہ مہندی لگانے سے روزہ ہرگز نہیں ٹوٹتا۔

29/3- بعض خواتین روزے کی حالت میں سالن وغیرہ چکھنے کو صحیح نہیں سمجھتیں ،اور انکا خیال ہوتا ہے کہ کہیں روزہ نہ ٹوٹ جائے ،حالانکہ اگر عورت کچھ نگل نہ لے تو روزہ نہیں ٹوٹتا ۔

30/4- بعض عورتیں نمازِ باجماعت کی ادائیگی کے لئے مساجد میں جاتی ہیں تو اپنے وہ بچے بھی مسجد میں لے جاتی ہیں جو آدابِ مسجد نہیں جانتے ،وہ شور مچاتے ہیں اور بھاگ دوڑ کر کے جہاں مسجد کے تقدّس کو پامال کرتے ہیں وہیں نمازیوں کے لئے تشویش کا باعث بنتے ہیں۔

31/5- بعض خواتین جماعت کے ساتھ اسوقت آکر ملتی ہیں جب امام ایک دو رکعتیں پڑھ چکا ہوتا ہے اور جب امام سلام پھیرتا ہے تو وہ بھی ساتھ ہی سلام پھیر لیتی ہیں اور اپنی چُھوٹی ہوئی رکعتیں قضاء نہیں کرتیں ،حالانکہ انکے لئے چُھوٹی ہوئی رکعتوں کا پورا کرنا فرض ہے۔

32/6- نماز میں صفیں سیدھی نہیں کرتیں اور نہ ہی اپنے درمیان کی خالی جگہیں پُر کر کے باہم مل کر کھڑی ہوتی ہیں حالانکہ جب وہ مسجد میں باجماعت نماز ادا کریں تو انکے لئے ضروری ہے کہ وہ نہ صفوں میں خلل پیدا کریں نہ اپنے مابین جگہ خالی چھوڑیں۔

33/7- بعض عورتیں بچے کی ولادت کے بعد چالیس دن سے پہلے ہی خون منقطع ہو جانے سے پاک ہو جاتی ہیں لیکن چالیس دن پورے ہونے تک وہ روزہ نہیں رکھتیں ،حالانکہ عورت پر فرض ہے کہ جب خون نفاس منقطع ہو جائے تو وہ غسل کرے ،نمازیں پڑھے اور روزے رکھے ،چاہے ابھی چالیس دن پورے نہ بھی ہوئے ہوں۔

34/8- کچھ خواتین نمازِ تراویح کی جماعت میں شرکت کرنے کے لئے اجنبی (غیر محرم) ڈرائیور کے ساتھ تنہا مسجد جاتی ہیں ،اس طرح وہ ایک مباح یا مستحب عمل کے لئے ایک شرعی حکم کی مخالفت

کاارتکاب کرتی ہیں ۔

35/9- بعض عورتیں یہ سمجھتی ہیں کہ اگر فجر سے پہلے خون حیض ونفاس منقطع ہوجانے سے پاک بھی ہوجائیں مگر آذانِ فجر سے پہلے پہلے غسل نہ کر پائیں تو انکا روزہ صحیح نہ ہوگا، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ایسے میں رکھا ہوا روزہ صحیح ہے اور جائز ہے کہ وہ آذانِ فجر کے بعد غسل کر لے۔

36/10- کچھ عورتیں ماہِ رمضان میں بڑی مستعدی سے عبادت واطاعت میں لگی رہتی ہیں اور جیسے ہی ماہواری (حیض) آجائے وہ سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر بیٹھ جاتی ہیں، حالانکہ کتنے ہی ایسے اعمالِ صالحہ ہیں جو وہ ان ایام میں بھی کر سکتی ہے، جیسے دعاء، ذکرِ الٰہی ،توبہ واستغفار، تسبیح، صدقات وخیرات، نبی ﷺ پر درود وسلام ،قرابت داروں سے صلہ رحمی وخیر خواہی ،لوگوں سے حسنِ سلوک ونیکی، زبان کی حفاظت وغیرہ وغیرہ ۔

37/11- بعض عورتیں جب نمازِ باجماعت کے لئے مسجد میں آتی ہیں تو وہ بڑی مہک دار خوشبوئیں لگا کر آتی ہیں، حالانکہ نبی ﷺ نے اس سے منع فرمایا ہے۔

38/12- بعض خواتین جب تراویح پڑھنے کے لئے مسجد جاتی ہیں تو وہ مکمل اسلامی پردے سے نہیں ہوتیں جو کہ دوسروں کے لئے باعثِ فتنہ اور خود انکے لئے ایک ممنوع کام کے ارتکاب کا باعث ہوتا ہے، جس سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے، کیونکہ عورتوں کو پردہ کرنے اور زیب وزینت کو ظاہر نہ کرنے کا حکم ہے۔

39/13- بعض خواتین خود پسندی اور غرور وتکبّر میں اس حد تک مبتلا ہوجاتی ہیں کہ وہ یہ سمجھنے لگتی ہیں کہ وہ دوسری تمام عورتوں سے افضل واعلیٰ ہیں ۔اس تکبّر وخود پسندی نے بڑی بڑی صالح خواتین کی کثیر تعداد کو ہلاک کیا ہے ۔

40/14- کچھ عورتیں وہ ہیں جو نمازِ تراویح کے لئے مسجد جائیں تو بخّور کر کے (خوشبو لگا کر) جاتی ہیں، جبکہ یہ ممنوع ہے۔

41/15- کئی خواتین مسجد میں گریہ وبکاء یا دعاء کرتے وقت اپنی آوازیں بلند کر دیتی ہیں، جبکہ یہ ایک فتنہ ہے، جس سے اللہ نے عورت کو منع فرمایا ہے۔

42/16- بعض عورتیں بچوں کی پرواہ کئے بغیر انہیں چھوڑ کر مسجد چلی جاتی ہیں، حالانکہ عورت کے مسجد میں جا کر نماز پڑھنے سے بچوں کی صحیح نگہداشت اور بہتر تربیّت کرنا زیادہ کارِثواب ہے۔

43/17- اکثر عورتیں رمضان المبارک میں بھی چغلی وغیبت اور اول فول باتوں سے باز نہیں آتیں، جبکہ یہ انکے لئے اجروثواب کے ضیاع بلکہ اُلٹا باعثِ گناہ ہے۔

44/18- ہر نیک کام کرنے کو ٹالتے جانا، جیسے تلاوتِ قرآن ہے تو ظہر کے وقت کہا کہ عصر کو کروں گی، عصر کا وقت آیا تو کہا کہ رات کو کروں گی حتی کہ اسی طرح ٹال مٹول کرتے کرتے سارا ماہِ رمضان المبارک گزر جاتا ہے اور ایک مرتبہ بھی پورا قرآن نہیں پڑھ پاتیں ۔

45/19- بعض عورتوں نے رمضان المبارک کے مہینے کو کاہلی وسستی اور نیند کا مہینہ بنا رکھا ہے، سارا دن یا دن کا اکثر حصہ سوتے گزار دیتی ہیں اور انہیں روزے کی اصل لذّت اور اسکی مشروعیّت کی اصل حکمت کا پتہ ہی نہیں چلتا۔

46/20- کچھ خواتین رمضان المبارک میں نشر ہونے والے انعامی پروگراموں (ریڈیو، ٹی وی، اخبارات وغیرہ) میں شرکت کرتی اور انہی کے پیچھے لگی رہتی ہیں اور اسی جھنجٹ میں عبادت وذکرِالٰہی اور تلاوتِ قرآن کو وقت دینے سے محروم رہ جاتی ہیں۔

47/21- بعض عورتیں اپنی بیٹیوں کو صحیح تعلیم وتربیت نہیں دے پاتیں، خصوصاً انہیں بلوغت کی

نشانیاں حیض کے احکام ومسائل، روزے اور نماز کی شرائط وطریقہ نہیں بتاتیں، نتیجہ یہ کہ لڑکیاں بڑی عمر کی ہوکر بھی روزہ نہیں رکھتیں اور جہالت ولاعلمی کا یہ عالم ہوتا ہے کہ لڑکی نے روزہ رکھا ہوا ہے، حالانکہ وہ حیض کے ایام میں ہے، یہ سب اس لئے ہے کہ ماں نے یہ مسائل ہی نہیں سکھلائے جوکہ اسکا فرض ہے۔

48/22- کچھ خواتین تو ایسی بھی ہوتی ہیں کہ وہ تراویح کی غرض سے مسجد میں آتی ہیں، وہاں کسی پہچان والی کے ساتھ بیٹھ گئیں اور اپنے دکھڑے کھول بیٹھیں، اپنے معاملات ومشکلات پر گفتگو کرنے لگیں اور ممکن ہے کہ وہ بھی کوئی ضروری چیزیں نہ ہوں، محض کپڑوں اور لباس و پوشاک کے معاملے میں باتیں کرنے میں تراویح میں شرکت سے رہ جائیں، جسکے لئے اصلاً وہ آئی ہیں۔

49/23- اکثر عورتیں ماہِ رمضان میں بکثرت بازار جاتی ہیں اور اسکا سبب عید کے لئے لباس خریدنا ہوتا ہے اور خصوصاً عشرۂ اخیر (ثُلث اخیر) میں جوکہ ماہِ رمضان کی افضل ترین تہائی ہے، اس طرح وہ بکثرت بازار نکل کر مخلوق کے لئے فتنہ کا باعث بنتی ہیں، اپنا وقت ضائع کرتی ہیں، ممنوع فعل کی مرتکب ہوتی ہیں اوران مبارک راتوں کا اجروثواب بھی گنواتی ہیں۔

50/24- بعض بہنیں روزے کی وجہ سے بڑی ترش روئی بلکہ بداخلاقی کا مظاہرہ کرتی ہیں، آپ دیکھیں گے کہ وہ جلد غضبناک ہوجاتی ہیں اور معمولی معمولی بات پر گالی گلوچ پر اتر آتی ہیں حالانکہ واجب یہ ہے کہ وہ روزے جیسی عبادت کی ادائیگی کے دوران اخلاق کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوں ۔

رمضان وروزہ سے متعلقہ

٦٦ ضعیف احادیث

رمضان المبارک میں بعض احادیث وروایات کا اکثر ذکر ہوتا ہے، حالانکہ وہ ضعیف وکمزور اور نا قابلِ حجّت واستدلال ہیں، جن میں سے اڑہتر (٧٧) رویات درجِ ذیل ہیں:

1- روزے دار کا سونا عبادت، خاموشی تسبیح، دعاء مقبول اور اجرِ عمل کئی گنا ہے۔(ضعیف الجامع الصغیر ٣/٢٧٠، سلسلة الأحادیث الضعیفه: ٣٧٨٤)

2- روزہ رکھو، صحت مند رہو۔(ضعیف الجامع ٣/٢٧٣، الضعیفه: ٢٥٣، ضعیفالترغیب: ٥٧٣)

3- جس نے بیماری یا عذر کے بغیر رمضان کا ایک بھی روزہ چھوڑا، وہ اگر ساری عمر بھی روزے رکھتا رہے، اسکی کمی پوری نہیں کر پائے گا ۔(ضعیف الجامع ٥/١٧٤، ضعیف الترغیب والترھیب: ٦٠٥)

4- جسے مکہ میں ہوتے ہوئے رمضان آ گیا اور اس ماہ کا جتنا حصہ ممکن ہوا وہ مکہ میں مقیم رہا، اللہ اسکے لئے ایک لاکھ رمضان کا ثواب اور ہر دن کے بدلے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب اور ہر رات کے بدلے میں ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب لکھ دیتا ہے۔ (ضعیف الجامع ٥/١٥٦)

5- اگر عبادت گزاروں کو پتہ چل جائے کہ رمضان المبارک میں کیا (فضائل وبرکات) ہیں تو وہ تمنّی کریں کہ کاش سارا سال ہی رمضان ہو (ضعیف بلکہ موضوع الاحادیث الموضوعه ص: ٨٨)

6- صرف ''رمضان'' نہ کہو، کیونکہ ''رمضان'' تو اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے، تم ''ماہِ رمضان'' کہا کرو۔(الاحادیث الموضوعه للشوکانی ص: ٨٧)

7- ہر چیز کی زکوٰۃ ہے اور جسم کی زکوٰۃ روزہ ہے۔ (الاحادیث الموضوعه للشوکانی، الاحادیث

الواھیة ۴۹/۲،ضعیف الجامع۲۹۰/۳)

8-جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ جنت کے دربان فرشتے ''رضوان'' کو حکم دیتا ہے کہ جنت کے دروازے کھول دو، اور جہنم کے دربان فرشتے ''مالک'' کو حکم دیتا ہے کہ جہنم کے دروازے بند کردو۔(الموضوعات ص:۸۷)

9-اللہ تعالیٰ رمضان کی پہلی تاریخ کو (بلا استثناء) تمام مسلمانوں کی بخشش فرمادیتا ہے۔
(الموضوعات لابن الجوزی ۱۹۰/۲، العلل المتناھیة لابن الجوزی ۴/۲)

10-روزہ دار کے جسم کا رُواں رُواں اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہے، قیامت کے دن روزہ دار مردوں اورعورتوں کے لئے عرش الٰہی کے نیچے دسترخوان لگایا جائے گا۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۰)

11-جو شخص رمضان کا ایک روزہ چھوڑ دے، وہ کفّارہ میں ایک اونٹ کی قربانی کرے اوراگر اس سے یہ ممکن نہ ہوتو پھر تیس روزہ داروں کو کھجوروں {۳۰صاع یعنی ۷۵کلوگرام کھجور} کا کھانا کھلائے۔ (من گھڑت،ضعیف الجامع ۱۷۳/۵، سلسلة الاحادیث الضعیفه :۶۲۳)

12-رمضان المبارک میں اللہ تعالیٰ روزانہ دس لاکھ (ایک روایت: چھ لاکھ) ایسے لوگوں کو جہنم سے آزادی کرتا ہے، جن کے لئے جہنم واجب ہوچکی تھی۔(باطل ولا اصل الموضوعات۱۹۱/۲)

13-جس نے مالِ حلال سے کھجور خرید کراس سے روزہ افطار کیا اسکی نماز کا ثواب چارسو گنا کر دیاجاتا ہے۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۳)

14-اگراللہ تعالیٰ اہلِ آسمان اوراہلِ زمین کو بولنے کی اجازت دے،تو وہ سب رمضان کا روزہ رکھنے والوں کو جنت کی بشارت دیں۔(الموضوعات لابن الجوزی ۱۹۲/۲،الاحادیث الموضوعه ص:۹۰)

15- اللہ تعالیٰ عبادت گزار نوجوان پر فرشتوں میں فخر کرتا ہے اور کہتا ہے: میرے بندے کی طرف دیکھو جس نے میری خاطر حلال تسکینِ شہوت چھوڑی ہوئی ہے۔ (اور اپنی جوانی میری خاطر صرف کردی ہے) وہ میرے نزدیک میرے بعض فرشتوں جیسا ہے۔ (ضعیف الجامع ۱۰۹/۲، الضعفاء ابن عدی)

16- پانچ چیزیں روزہ اور وضوء توڑ دیتی ہیں: جھوٹ، غیبت، چغلی، جھوٹی قسم، شہوت کے ساتھ کسی کو دیکھنا۔ (ضعیف الجامع ۱۲۴/۲، سلسلة الاحادیث الضعیفه: ۱۷۰۸)

17- روزے دار عبادت میں شمار ہوتا ہے، جب تک کہ وہ کسی مسلمان کی غیبت نہ کرے اور اسے اذیت نہ پہنچائے۔ (العلل للدار قطنی ۲۳۰/۳)

18- روزے دار صبح سے شام تک عبادت میں شمار ہوتا ہے جب تک کہ وہ کسی کی غیبت نہ کرے، جب اس نے غیبت کی اس نے اپنا روزہ توڑ لیا۔

19- روزہ ڈھال ہے، جب تک کہ جھوٹ یا غیبت سے وہ اسے توڑ نہ لے۔ (ضعیف الجامع ۳۵/۱-۲۱۹/۳، سلسلة الاحادیث الضعیفه: ۲۶۴۲)

20- اگر کوئی جمعہ کا دن (گناہ سے) سلامت رہا تو وہ پورا ہفتہ سلامت رہے گا، اور جب پورہ رمضان سلامت رہا تو سارا سال ہی سلامت رہے گا۔ (الموضوعات ۱۹۴/۲، الاحادیث الموضوعه ص: ۹۳)

21- جنت سال بھر ماہِ رمضان کے لئے سجتی رہتی ہے۔ (العلل المتناهية ۴۶/۲)

22- رمضان المبارک کی پہلی رات اللہ روزے دار بندوں پر نظر ڈالتا ہے اور جب اللہ کسی بندے پر نظر ڈال دے، تو پھر اسے عذاب نہیں کرتا۔ (الاحادیث الموضوعه ص: ۸۸)

23- تین آدمیوں سے کھانے پینے کی نعمتوں کے بارے میں سوال نہیں ہوگا: روزہ افطار کرنے والا ،سحری کھانے والا اور میزبان ،اور تین آدمیوں سے انکی بداخلاقی پر سوال نہیں ہوگا: بیمار، روزہ دار اور حاکمِ عادل۔(الاحادیث الموضوعه ص: ۹۰)

24- جس نے رزقِ حلال سے کسی کا روزہ افطار کرایا، اسکے لئے فرشتے رحمت کی دعائیں کرتے ہیں۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۲)

25-اللہ تعالیٰ نے کِراماً کاتبین کو حکم دے رکھا ہے کہ میرے روزہ دار بندوں کے عصر کے بعد کے گناہ نہ لکھے جائیں۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۲)

26- جس نے مالِ حلال کی کھجور سے روزہ افطار کیا،اسکی نمازوں میں چارسو نمازوں کا اضافہ کردیا جاتا ہے۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۳)

27- جس نے رمضان کا ایک روزہ بلا عذر ترک کیا، وہ اسکے بدلے میں تیس روزے رکھے،اور جو دو روزے چھوڑے، وہ ساٹھ روزے رکھے،اور جس نے تین روزے ترک کئے ،وہ نوّے روزے رکھے۔(الاحادیث الموضوعه ص: ۹۴)

28-ایامِ بیض(چاند کی ۱۳،۱۴،۱۵ تاریخ) کے روزے رکھو، پہلے دن کے روزے کا ثواب تین ہزار سال کے روزوں کے برابر ہے، دوسرے دن کے روزے کا دس ہزار سال اور تیسرے دن کے روزے کا بیس ہزار سال کے روزوں کے برابر ہے،ایک روایت میں دس ہزار،ایک لاکھ اور تین لاکھ کے برابر آیا ہے۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۵)

29- رجب اللہ کا مہینہ ہے،جس نے رجب کے دو روزے رکھے،اسکے لئے دوگنا اجر ہے،اور ایک گنا کا وزن ایک پہاڑ کے برابر ہے۔(ضعیف الجامع۸۰/۳ ، الموضوعه ص:۱۰۰)

30- مجھے سب سے پیارا بندہ وہ ہے، جو سب سے جلدی روزہ افطار کرتا ہے۔(ضعیف الجامع ۱۰۸/۴،مشکوٰۃ:۱۹۸۹،بتحقیق الالبانی)

31- تین آدمیوں کی دعاء اللہ رد نہیں کرتا، روزہ دار، جب تک کہ افطار نہ کرلے، مظلوم، جب تک کہ وہ غلبہ نہ پالے اور مسافر، جب تک کہ وہ واپس نہ لوٹ آئے۔(ضعیف الجامع ۴۹/۳)

32- جس نے تین کام کئے، وہ روزہ رکھنے کی طاقت پالیتا ہے، کچھ پینے سے پہلے کھالے، سحری کھائے، قیلولہ کرے۔(ضعیف الجامع ۵۵/۳)

33- تین چیزیں روزہ نہیں توڑتیں: سینگی یا فصد، قے، احتلام۔(ضعیف الجامع ۶۱/۳)

34- تین آدمی اگر مالِ حلال سے کھائیں پئیں تو ان کا اس سلسلہ میں کوئی حساب کتاب نہیں لیا جائے گا: روزہ افطار کرنے والا، سحری کھانے والا، اللہ کی راہ میں پہرہ دینے والا۔(ضعیف الجامع ۶۵/۳،سلسلة الاحاديث الضعيفه:۶۳۱)

35- جس نے رمضان کا ایک روزہ چھوڑا اور اس کی قضاء کرنے سے پہلے فوت ہوگیا، اس پر ہر دن کے بدلے ایک مسکین کے لئے ایک مُدّ غلہ دینا ضروری ہے۔(ضعیف الجامع ۱۷۳/۵)

36- رمضان کے روزے رکھو اور اس کے بعد والے مہینے کے، اور ہر بدھ و جمعرات کے، تب تم ہمیشہ کے روزہ دار شمار ہوگے۔(ضعیف الجامع ۲۶۹/۳،مشکوٰۃ:[۲۰۶۱]،ضعیف الترغیب)

37- حضرت داؤد علیہ السلام والا روزہ رکھو، ایک دن روزہ، ایک دن چھٹی، یہ اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ روزے ہیں، اور وہ وعدہ کرکے وعدہ خلافی نہیں کیا کرتے تھے، اور جب کسی سے ملتے ہیں تو راہِ فرار اختیار نہیں کیا کرتے تھے۔(ضعیف الجامع ۲۷۰/۳)

38- ماہِ صبر ''رمضان'' کے روزے رکھو اور ہر ماہ کے تین روزے رکھو اور حرمت والے

مہینوں (محرم، رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجہ) کا ایک دن روزہ اور ایک دن چھٹی کرو۔(ضعیف الجامع ۲۷۰/۳،ضعیف الترغیب)

39- جس نے رمضان کو پایا اور اس پر سابقہ رمضان کے کچھ روزوں کی قضاء باقی ہے، اس کا کوئی عمل قبول نہیں کیا جائے گا، جب تک کہ وہ سابقہ روزے قضاء نہ کرلے۔(ضعیف الجامع ۱۵۷/۵،سلسلة الاحاديث الضعيفه:۸۴۰)

40- شوال کے روزے رکھو۔(ضعیف الجامع ۲۶۹/۳،ضعیف الترغیب)

41- سفر میں رمضان کا روزہ رکھنے والا ایسے ہی ہے، جیسے کہ اس نے روزہ نہیں رکھا ہوا۔ (ضعیف الجامع ۲۶۲/۳ سلسلة الاحاديث الضعيفه :۴۹۸،ضعیف الترغیب)

42- حضرت نوح ؑ نے ایامِ عیدالفطر وعیدالاضحیٰ کے سوا ہمیشہ روزہ رکھا۔ (ضعیف الجامع ۲۶۴/۳،سلسلة الاحاديث الضعيفه :۴۵۹)

43- حضرت نوح ؑ نے عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کو چھوڑ کر ہمیشہ روزہ رکھا، حضرت داوٗد ؑ نے آدھی عمر روزہ رکھا، حضرت ابراہیم ؑ ہر ماہ کے تین روزے رکھتے تھے۔(ضعیف الجامع ۲۶۴/۳،سلسلة الاحاديث الضعيفه:۴۵۹)

44- روزہ آنتوں کو تنگ، موٹاپے کو کم اور بندے کو جہنم سے دور کرتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کا ایک دسترخوان ہے جسکی نعمتوں کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہے، نہ کان نے سنا ہے اور نہ کسی بشر کے دل پر سے ان کا گزر ہوا ہے، اور اس پر صرف روزہ دار ہی بیٹھیں گے۔(ضعیف الجامع ۲۸۵/۳)

45- روزہ جہنم سے حفاظت کرنے والی ڈھال ہے(ضعیف الجامع۲۸۹/۳،ضعیف الترغیب)

46- روزے میں کوئی ریاکاری نہیں ہے، اسی لئے اللہ نے فرمایا ہے:''روزہ میرے لئے ہے اور اسکی جزاء بھی میں ہی دونگا، کیونکہ بندہ میری خاطر ہی کھانا پینا چھوڑتا

ہے"۔(ضعیفالجامع۳/۲۹۰)

47-روزہ آدھا صبر ہے۔(ضعیف الجامع ۳/۲۹۰)

48-(شعبان کے آخری دن،خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے)ایک مہینہ جس میں ایک نفلی نیکی فرض کے برابر اور ایک فرض ستّر فرضوں کے برابر ہے......اسکا پہلا تہائی حصہ رحمت،دوسرا مغفرت اور تیسرا جہنّم سے نجات ہے......(منکر)۔

49-رمضان کو اس لئے رمضان کہا جاتا ہے کہ اس میں گناہ جلا دیئے جاتے ہیں۔(الاحادیث الموضوعہ ص:۹۱)

50-ایک دن کا نفلی روزہ رکھنے والے کو اگر زمین بھر کے برابر بھی سونا دے دیا جائے،تب بھی اس کا حق پورا نہیں ہوتا۔(الاحادیث الموضوعہ ص:۹۲)

51-جس نے کسی غیر مَحرم عورت کو اتنا غور سے دیکھا کہ اس پر اسکے جسم کے کپڑوں کے اندر سے اسکے اعضاء کا حجم واضح ہو گیا،اسکا روزہ ٹوٹ گیا۔(الاحادیث الموضوعہ ص:۹۴)

52-جس نے ذوالحج کے پہلے دس دنوں کے روزے رکھے،اسے ہر دن کے بدلے ایک ماہ کے روزوں کا ثواب ملے گا اور یومِ ترویہ[۸ذوالحج]کے بدلے ایک سال کے روزوں کا اور یومِ عرفہ[۹ذوالحج]کے بدلے دو سال کے روزوں کا۔(الاحادیث الموضوعہ ص:۹۶)

53-جس نے یکم محرّم اور ذوالحج کے آخری دن کا روزہ رکھا،اس نے سال کا اول وآخر روزہ سے کیا،اللہ اسے اسکے پچاس سالوں کا کفارہ بنا دیتا ہے۔(الاحادیث الموضوعہ ص:۹۶)

54-جس نے محرّم کے پہلے نو دن کے روزے رکھے،اللہ اسکے لئے ایک مربع میل کا گھر ہوا میں بنا دیتا ہے۔(الاحادیث الموضوعہ ص:۹۶)

55- جس نے یومِ عاشوراء[۱۰محرّم] کا روزہ رکھا، اللہ اسے دس ہزار فرشتوں کا ثواب عطا کرتا ہے۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۶)

56-اللہ نے بنی اسرائیل پر سال میں صرف ایک دن عاشوراء[۱۰محرّم] کا روزہ فرض کیا تھا، تم بھی یہ روزہ رکھو، اور اس دن اپنے گھر والوں پر کھانے پینے میں وسعت کرو، اسی دن اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول کی تھی۔(الاحادیث الموضوعه ص:۹۶)

57- جس نے رجب کے تین روزے رکھے، اسے ایک ماہ کے روزوں کا ثواب ملے گا، جس نے سات روزے رکھے، اس پر اللہ جہنم کے ساتوں دروازے بند کردے گا، اور جو آٹھ روزے رکھے، اسکے لئے اللہ جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیتا ہے، اور جو پندرہ روزے رکھے، اللہ اسکا حساب آسان کردیتا ہے۔(الاحادیث الموضوعه ص:۱۰۰)

58- رجب بڑا عظمت والا مہینہ ہے، جس نے اسکا ایک روزہ رکھا، اسے ہزار سال کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔(الاحادیث الموضوعه ص:۱۰۱)

59- جس نے رجب کا ایک دن کا روزہ رکھا، اسے ایک ماہ[ایک روایت میں ایک سال] کے روزوں کا ثواب ملے گا۔(الاحادیث الموضوعه ص:۱۰۱)

60- جس نے رجب کی ایک رات کا قیام اور دن کا روزہ رکھا، اللہ اسے جنت کے پھلوں میں سے پھل کھلائے گا۔(الاحادیث الموضوعه ص:۱۰۱)

61-جب رمضان آتا تو نبی ﷺ تمام اسیروں[قیدیوں] کو چھوڑ دیتے، اور ہر سائل کو کچھ نہ کچھ ضرور دیتے۔(العلل المتناهية فی الاحادیث الواهية ۳۹/۲)

62- جس نے شروع سے لیکر آخر رمضان تک باجماعت نماز پڑھی، اسے لیلۃ القدر سے حصہ مل

گیا۔(الاحادیث الواھیۃ ۴۰/۲)

63- جب رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو ہر آسمان پر ایک منادی یہ آواز لگاتا ہے: ''کوئی توبہ کرنے والا ہے کہ اسکی توبہ قبول کی جائے؟ کوئی دعاء کرنے والا ہے کہ اسکی دعاء قبول کی جائے؟ کوئی مظلوم ہے کہ اسکی مدد کی جائے؟ کوئی مغفرت طلب کرنے والا ہے کہ اسکی مغفرت کی جائے؟ کوئی سوال کرنے والا ہے کہ اسکا مطالبہ پورا کیا جائے؟'' اور فرمایا: ''ہر رات پورا مہینہ خود اللہ تعالیٰ یہ آواز لگاتا ہے: اے میرے بندو اور بندیو! خوشخبری پاؤ، صبر کرو اور اس پر قائم رہو, قریب ہے کہ میں تم سے سختی ختم کر کے تم پر اپنا رحم وکرم کروں''۔(الاحادیث الواھیۃ ۴۱/۲)

64- جب عید کے دن لوگ عید گاہ میں جمع ہوتے ہیں تو اللہ فرشتوں سے پوچھتا ہے: اے میرے فرشتو! جب کوئی مزدور اجرت کر کے فارغ ہو جائے تو اسکی جزاء کیا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں: اے ہمارے رب! اسکی جزاء یہ ہے کہ انہیں انکی پوری پوری مزدوری دی جائے، اللہ کہتا ہے: یہ میرے بندے اور میرے بندوں کی اولاد ہیں، میں نے انہیں روزوں کا حکم فرمایا، انھوں نے میری اطاعت کی اور فریضہ پورا کیا، پھر ایک منادی آواز لگاتا ہے: اے امتِ محمد ﷺ! رشد وہدایت کے ساتھ واپس لوٹ جاؤ، میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔(العلل ۴۳/۲)

65- جنت سارا سال ماہِ رمضان کے لئے سجتی رہتی ہے......اور حوریں کہتی ہیں: اے اللہ! اپنے بندوں میں سے ہمارے شوہر بنا، جن سے ہم اپنی اور ہم سے وہ اپنی آنکھیں ٹھنڈی کریں۔(الواھیۃ ۴۶/۲)

66- رمضان میں گناہ کرنے سے بچو......رمضان میں نیکیاں بھی کئی گنا کی جاتی ہیں اور اسی طرح گناہ بھی کئی گنا کر دیئے جاتے ہیں۔(الواھیۃ ۴۸/۲)

67- جس نے خاموشی کے ساتھ رمضان کا روزہ رکھا اور اپنے کان، آنکھوں اور تمام اعضاءِ جسم کو حرام اور جھوٹ سے بچایا، وہ قیامت کے دن اللہ کے اتنا قریب ہوگا کہ اسکا گھٹنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھٹنے سے چھوئے گا۔(الواھیة ۲/۵۰)

68- نبی ﷺ نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کو کسی کو سینگی لگاتے دیکھ کر فرمایا: ان دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا، پھر آپ ﷺ نے اس کی اجازت فرمادی۔(الواھیة ۲/۵۱)

69- سینگی لگانے اور لگوانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔(الواھیة ۲/۵۲)

70- جس نے [روزے کی حالت میں اپنی بیوی کا] بوسہ کیا، جبکہ وہ بھی روزے سے ہے تو دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا۔(الواھیة ۲/۵۳)

71- حضرت ام سلمہؓ نے نفلی روزہ توڑ دیا، آپ ﷺ نے انھیں اسکی قضاء کرنے کا حکم فرمایا۔ (الواھیة ۲/۵۴)

72- روزے دار کیلئے تحفہ تیل اور [بخور والی] انگیٹھی ہے۔(الواھیة ۲/۵۵)

73- جس نے روزہ رکھا، اسکے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، اسکے اعضاء اللہ کی تسبیح بیان کرتے ہیں، تمام اہلِ آسمان اسکے لئے مغفرت کی دعائیں کرتے ہیں اور حوریں کہتی ہیں : اے اللہ ! اسے جلد ہمارے پاس لے آ، ہم اسے دیکھنے کی مشتاق ہیں۔ (الواھیة ۲/۵۶)

74- جس نے عیدالفطر کے دن روزہ رکھا، اس نے گویا عمر بھر روزہ رکھا۔(الواھیة ۲/۵۷)

75- نبی ﷺ نے کبھی جمعہ کا روزہ نہیں چھوڑا۔(الواھیة ۲/۵۹)

76- جس نے کسی حرمت والے مہینے کی جمعرات، جمعہ اور ہفتہ کے روزے رکھے، اللہ اسکے

لئے نو سال کی عبادت لکھ دیتا ہے۔(الواھیۃ۲/۱۶۴)

77-جنت میں رجب نام کی ایک نہر ہے،جس نے ماہِ رجب کا ایک دن کا روزہ رکھا،اللہ اسے اس نہر کا پانی پلائے گا۔(الواھیۃ۲/۶۵)

قارئینِ کرام !

ہم نے یہاں بعض روایات کے صرف معروف حصے ذکر کئے ہیں،جبکہ وہ احادیث لمبی ہیں،البتہ حوالہ جات درج کر دیئے ہیں،تا کہ بحث وتحقیق اور مراجعت کرنے والوں کیلئے آسانی رہے۔ ضعیف روایات کو دلیل بنا کر بیان کرنا تو اہلِ علم کے نزدیک جائز نہیں،البتہ انکے ضعف و کمزوری کو واضح کرنے کیلئے انکا بیان جائز ہے اور اسی ثانی الذّکر مقصد کے تحت ہم نے درجِ بالا روایات ذکر کردی ہیں،تا کہ انہیں معرضِ استدلال میں لانے سے گریز کیا جا سکے۔

۲ یہ مختصر مسائلِ زکوٰۃ فقہ السنہ محمد عاصم الحداد سے ماخوذ ہیں،جبکہ مصارفِ زکوٰۃ تفسیر احسن البیان

مختصر مسائلِ زکوٰۃ ۲

ارکانِ اسلام میں ایمان ،نماز اورروزہ کے بعد زکوٰۃ دینِ اسلام کا انتہائی اہم رکن ہے۔اللہ تعالیٰ نے اس کا حکم قرآن شریف میں کم وبیش اسّی (۸۰) مرتبہ دیا ہے۔زکوٰۃ کا لغوی معنیٰ ہے:

''بڑھنا''،''پاک ہونا'' ارشادِ باری تعالیٰ ہے:''وہ شخص کامیاب ہوگیا،جس نے اپنے آپ کو پاک کیا''۔(الاعلیٰ:۱۴)

قرآن شریف میں ہے:

۱۔''نماز قائم کرو،زکوٰۃ دو،اوررسول کی اطاعت کرو،تاکہ تم پررحم کیا جائے۔''(سورۂ نور:۵۶)

۲۔''اور جو زکوٰۃ تم لوگ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے دیتے ہو،اس سے دراصل دینے والے اپنے مال میں اضافہ کرتے ہیں''۔(سورۂ روم:۳۹)

۳۔''اے نبی!تم انکے اموال سےزکوٰۃ لے کرانہیں گناہوں سے پاک کرو''۔(سورۂ توبہ:۱۰۳)

زکوٰۃ ادانہ کرنے والوں کے لئے حکمِ الٰہی:

۱۔''تباہی ہے،ان مشرکوں کے لئے جو زکوٰۃ نہیں دیتے،اورآخرت کے منکر ہیں''۔

(سورۂ حٰم سجدہ:۶۔۷)

۲۔''جن لوگوں کواللہ نے اپنے فضل سے مال دیا ہےاوروہ بخل سے کام لیتے ہیں،اس خیال میں نہ رہیں کہ یہ انکے حق میں بہتر ہے، بلکہ یہ بہت براہے،اس بخل سے جو کچھ وہ جمع کررہے ہیں،

اسے قیامت کے دن طوق بنا کران کے گلے میں ڈالا جائے گا‘‘۔(سورۃ آل عمران:۱۸۰)

۳۔’’دردناک سزا کی خوشخبری سنادو،ان لوگوں کو جو سونا اور چاندی جمع رکھتے ہیں اور انہیں اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے۔ایک دن آئے گا کہ ایسے سونے چاندی پر جہنم کی آگ دہکائی جائے گی پھر اسی سے ان لوگوں کی پیشانیوں اور پیٹھوں کو داغا جائے گا اور کہا جائے گا: یہ ہے وہ خزانہ جو تم نے اپنے لئے جمع کیا۔لو اپنی سمیٹی ہوئی دولت کا مزا چکھو‘‘۔(سورۃ توبہ :۳۴۔۳۵)

نبی ﷺ نے فرمایا ہے:

’’اس صدقہ سے کوئی مال کم نہیں ہوتا۔مظلوم کی بدعاء سے ڈرتے رہو،کیونکہ اسکے اور اللہ کے درمیان کوئی چیز حائل نہیں‘‘۔

زکوٰۃ فرض ہونے کی شرائط:

زکوٰۃ فرض ہونے کی دو شرائط ہیں:

۱۔وہ مال بہ قدرِ نصاب یا اس سے زیادہ ہو۔نصاب سے مراد وہ کم سے کم مقدار ہے جو شریعت نے مختلف چیزوں کیلئے مقرر کی ہے۔

۲۔اس پر ایک قمری (ہجری) سال گزر چکا ہو۔البتہ زمین کی پیداوار پر ایک سال کی شرط نہیں۔ فصل کاٹنے اور صاف کر لینے کے ساتھ ہی ادا کی جائے۔اسی طرح کانوں اور دبے ہوئے خزانوں کے لئے بھی ایک سال کی شرط نہیں۔

یہ ہر آزاد مسلمان مرد وعورت پر فرض ہے،جس میں مندرجہ بالا شرائط پائی جائیں۔اگر مال کا مالک بچہ یا ناسمجھ آدمی ہو،تب بھی سرپرست پر فرض ہے کہ زکوٰۃ ادا کرے۔قرض اگر نصاب کے مال سے زیادہ ہو تو زکوٰۃ فرض نہیں۔

مشترکہ کھاتہ(کمپنی):

☆**امام ابوحنیفہؒ وامام مالکؒ:** کسی پر زکوٰۃ اس وقت تک واجب نہیں ہے جب تک ان میں سے ہر ایک کا حصہ بقدر نصاب نہ ہو۔

☆**امام شافعیؒ:** مشترک مال کا حکم ایک ہی شخص کے مال کا ہے۔

☆**وجہِ اختلاف:** نبی ﷺ کے ارشاد: ''پانچ اوقیہ(۵۰=۵۲تولہ) سے کم چاندی پر زکوٰۃ نہیں ہے۔'' سے یہ واضح نہیں کہ آیا یہ حکم صرف اس وقت ہے، جبکہ مال صرف ایک ہی شخص کی ملکیّت ہو، یا اس وقت بھی ہے جبکہ کئی شریک ہوں۔ بعض آئمہ پہلی صورت پر اور بعض دوسری پر متفق ہیں۔ اور دوسری ہی صحیح ہے، کیونکہ ارشادِ نبوی ﷺ ہے: ''زکوٰۃ کے ڈر سے نہ متفرّق مال کو اکٹھا کیا جائے اور نہ اکٹھے کو الگ الگ۔'' (صحیح بخاری)

اموالِ زکوٰۃ (جن پر زکوٰۃ فرض ہے):

۱۔سونا اور چاندی (نقدی)　　۲۔مالِ تجارت　　۳۔زرعی پیداوار

۴۔مویشی　　۵۔کان اور دبے ہوئے خزانے

وہ اشیاء جن پر زکوٰۃ واجب نہیں ہے:

ذاتی استعمال کی اشیاء، ذاتی مکان یا مکان کی تعمیر کیلئے پلاٹ، ذاتی استعمال کی اشیاء (مثلاً کار، فرنیچر، فرج، حفاظتی ہتھیار یا مویشی خواہ کتنی ہی قیمت کے ہوں) پر زکوٰۃ نہیں۔

A۔سونا اور چاندی: اِن پر چالیسواں حصہ (۱/۴۰ یا ۲.۵۰٪) زکوٰۃ ادا کرے گا:

(ا) سونا: ساڑھے سات (۷.۵۰) تولے سے زیادہ ہو تو چالیسواں حصہ یعنی ۲.۵۰٪ زکوٰۃ ہے۔ جبکہ ملکیّت میں ایک سال گزر جائے۔ اصل اعتبار وزن کا ہوگا، قیمت کا نہیں۔

☆**عورت کے زیورات کی زکوٰۃ:** اگر چہ اس مسئلہ میں اختلافِ رائے ہے، لیکن علماء کے صحیح تر قول کے مطابق زکوٰۃ دینی چاہیئے۔

(۲) چاندی: ساڑھے باون (۵۲.۵۰) تولے سے زیادہ ہوتو چالیسواں حصہ یعنی ۲.۵۰٪ زکوٰۃ ہے، جبکہ ملکیّت میں ایک سال گزر جائے۔ اصل اعتبار وزن کا ہوگا قیمت کا نہیں۔

☆**نصاب کیا ہے؟:** کیا استعمال کیلئے کوئی زیریں حد مقرر ہے؟ یا نصاب ہی حد ہے؟ سونے کا نصاب ساڑھے سات (۷/۵۰) تولے۔ چاندی کا ساڑھے باون (۵۲/۵۰) تولے۔ ایک سال گزرنے پر، ۲/۵۰٪ زکوٰۃ ہوگی۔ سونے اور چاندی کی قیمت کا اندازہ موجودہ بھاؤ (قیمت فروخت) کے مطابق لگا کر زکوٰۃ ادا کرنی چاہیئے۔

B۔ مالِ تجارت: مالِ تجارت پر زکوٰۃ فرض ہے:

C۔ زرعی پیداوار:

زمین کی پیداوار پر زکوٰۃ قرآن، سنت، اور اجماعِ امت، تینوں کی رو سے فرض ہے۔

۱۔ خود بخود سیراب ہونے والی زمین پر فصل یا غلے کا عُشر یعنی دسواں حصہ (۱۰٪) ہے۔

۲۔ مصنوعی ذرائع سے سیراب ہونے والی زمین پر فصل یا غلے کا نصفِ عُشر یعنی بیسواں حصہ (۵٪) ہے۔

☆**فصل یا غلے کی اقسام:** گندم، جو، کھجور، کشمش، جوار، مکئی، باجرہ، چاول وغیرہ۔

D۔ غلوں اور پھلوں کا نصاب:

☆**غلوں اور پھلوں کا نصاب:** جمہور کے نزدیک ۵ وسق یعنی تقریباً ۷۲۵ کلوگرام کے برابر ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''غلوں اور پھلوں پر

۵ وسق (۷۲۵ کلوگرام) سے کم پرزکوٰۃ نہیں ہے۔'' (صحیحین،سُننِ اربعہ،مسنداحمد)
شافعہ، مالکیہ اورحنابلہ کا اس پر اتفاق ہے کہ غلوں کا نصاب پانچ وسق ۷۲۵ کلوگرام ہے، جبکہ وہ خشک ہو چکے ہوں اور انہیں چھلکوں وغیرہ سے صاف کرلیا گیا ہو۔

☆ **غلوں اور پھلوں کی شرح زکوٰۃ:**

زمین کے قدرتی ذرائع (بارش وغیرہ) سے سیراب ہونے پر عُشر (دسواں حصّہ) اور مصنوعی ذرائع سے سیراب ہونے پر نصفِ عُشر (بیسواں حصّہ) زکوٰۃ ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''جو زمین آسمان (بارش، برف، اوس، اولے) یا قدرتی چشموں سے سیراب ہو، اس پر عُشر اور دوسرے مصنوعی ذرائع سے سیراب کی جانے والی پر نصفِ عُشر ہے۔'' (بخاری، ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ)

☆ **پھلوں کا عُشر، بذریعہ خرص:**

(خرص یعنی تخمینہ، اندازہ) پھل پک جائے تو توڑنے سے پہلے عشر کی مقدار کا پتہ کرنے کیلئے تخمینہ و اندازہ لگانا خرص کہلاتا ہے۔

☆ **مویشی:** حدیث میں زکوٰۃ کیلئے تین قسم کے جانوروں کا ذکر ہے۔

۱۔اونٹ ۲۔گائے (بھینس) ۳۔بھیڑ بکری

۱۔اونٹ:

حدیث: ''24 سے کم اونٹ ہوں تو ہر 5 اونٹوں پر ایک بکری زکوٰۃ اور 25 اونٹ ہو جائیں تو ان پر ایک سال کی ایک اونٹنی''

نصاب: (۱) 4 اونٹوں پر کوئی زکوٰۃ نہیں اِلّا یہ کہ مالک خود دینا چاہے۔ (۲) 5 سے 9 اونٹوں

پر ایک بکری۔(۳)10 سے 14 اونٹوں پر 2 بکریاں۔(۴)15 سے 19 اونٹوں پر 3 بکریاں۔(۵)20 سے 24 اونٹوں پر 4 بکریاں۔(۶)25 سے 35 اونٹوں پر ایک سال کی ایک اونٹنی۔(۷)36 سے 45 اونٹوں پر 2 سال کی ایک اونٹنی جو تیسرے سال لگ چکی ہو۔ (۸)46 سے 60 اونٹوں پر 3 سال کی ایک اونٹنی جو چوتھے سال لگ چکی ہو۔

(۹)61 سے 75 اونٹوں پر 4 سال کی ایک اونٹنی ،جو پانچویں سال میں لگ چکی ہو۔ (۱۰)76 سے 90 اونٹوں پر 2 سال کی دو اونٹنیاں، جو تیسرے سال میں لگ چکی ہوں۔ (۱۱)91 سے 120 اونٹوں پر 3 سال کی تین اونٹنیاں جو چوتھے سال میں لگ چکی ہوں۔

اور جب اونٹ 120 سے زیادہ ہوں تو ہر چالیس اونٹوں پر 2 سال کی ایک اونٹنی اور ہر پچاس اونٹوں پر تین سال کی ایک اونٹنی زکوٰۃ ہوگی۔(بخاری،ابوداؤد،ترمذی)

۲۔ گایوں بھینسوں پر زکوٰۃ:(۱)30 سے کم تعداد پر زکوٰۃ نہیں،لیکن 30 پر ایک سال کا بچھڑا یا بچھیا۔(۲)40 پر 2 سال کا بچھڑا یا بچھیا۔(احمد،ترمذی،ابوداؤد،نسائی،ابنِ ماجہ)

۳۔ بکریوں اور بھیڑوں پر نصاب:

(۱) 40 سے کم پر کوئی زکوٰۃ نہیں۔(۲) 40 سے 120 پر ایک بکری۔ (۳)121 سے 200 پر 2 بکریاں۔(۴)200 سے 300 پر 3 بکریاں،300 سے زائد ہر سَو (100) بکریوں پر ایک بکری کے حساب سے زکوٰۃ ادا کریں۔گدھوں،گھوڑوں اور خچروں پر کوئی زکوٰۃ نہیں ہے،لیکن اگر تجارت کیلئے رکھے ہوئے ہیں تو زکوٰۃ واجب ہے۔

۴۔ کانیں اور معدنیات: اِن پر 20% زکوٰۃ ہے، جو پائے جانے یا نکالنے کے ساتھ ہی ادا کرنی چاہیئے نہ کہ ایک سال گزرنے کے بعد۔

زکوٰۃ کی ادائیگی اور تقسیم:

۱۔زکوٰۃ جلد از جلد ادا کرنی چاہیئے۔پیشگی بھی ادا کی جاسکتی ہے۔

۲۔زکوٰۃ جہاں سے نکالے وہیں ادا کر دینی چاہیئے۔دوسری جگہ منتقل نہ کی جائے،ہاں اگر زیادہ ہو یا بچ جائے،تو دوسری جگہ بھیجی جاسکتی ہے۔رسولِ کریم ﷺ دوسری جگہوں سے آیا ہوا زکوٰۃ کا مال اہلِ مدینہ یا مہاجرین میں تقسیم فرمایا کرتے تھے۔

وہ لوگ جن پر زکوٰۃ حرام ہے:

۱۔غنی اور مُکتسب (تندرست کما سکنے والا)۔حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا''جو شخص اپنا مال بڑھانے کیلئے لوگوں سے سوال کرتا ہے وہ آگ کے انگارے مانگتا ہے۔اسے اختیار ہے چاہے انکی مقدار زیادہ کرے یا کم''۔

۲۔نبی ﷺ کا خاندان۔

۳۔غیر مسلم۔البتہ بعض شکلوں میں ممکن ہے،جن کا ذکر آگے''مصارفِ زکوٰۃ''میں آرہا ہے۔

۴۔بیوی۔(شوہر بیوی کو زکوٰۃ نہیں دے سکتا)

۵۔اباءواجداداور اولادواحفادکو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی۔

وہ لوگ جن کو زکوٰۃ اور صدقہ دینا دوسروں کی نسبت افضل ہے:

۱۔شوہر

۲۔والدین اور اولاد کے سوا دوسرے رشتہ دار،کیونکہ نبی ﷺ نے فرمایا ہے:''سب سے افضل صدقہ وہ ہے جو کسی تنگدست رشتہ دار پر کیا جائے۔''(مختصراً از فقہ السنہ،محمد عاصم)

زکوٰۃ کے مصارف ومقامات:

مصارفِ زکوٰۃ آٹھ (۸) ہیں،جن کا ذکر سورۃ التوبہ،آیت ۶۰ میں آیا ہے۔وہ درجِ ذیل ہیں۔

۱۔فقیر: **۲۔مسکین:** یہ دونوں باہم قریب قریب ہی ہیں،حتی کہ ان کا ایک دوسرے پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔تاہم دونوں میں یہ بات قطعی ہے کہ جو شخص حاجت مند ہواور ضروریاتِ زندگی کو پورا کرنے کے وسائل سے محروم ہو،اسے فقیر و مسکین کہا جاتا ہے۔فقیر سے مسکین قدرے بہتر حیثیت رکھنے والا ہوتا ہے اور وہ دستِ سوال بھی دراز نہیں کرتا اور نہ ہی اپنی شکل ایسی بناتا ہے کہ لوگ اسے کچھ دیں،جیسا کہ صحیح بخاری و مسلم کی ایک حدیث سے پتہ چلتا ہے۔

۳۔عاملین: حکومت کے وہ اہل کار جو زکوٰۃ جمع کرنے،اسے تقسیم کرنے اور اسکا حساب کتاب رکھنے پر مامور ہوتے ہیں۔ان کی اجرت یا تنخواہیں مالِ زکوٰۃ سے دی جاسکتی ہیں اور وہ انکے لئے حلال ہے،چاہے وہ مالدار ہی کیوں نہ ہوں۔البتہ نبی ﷺ نے اپنی ذات اور اپنے خاندان (بنی ہاشم) پر اس مد میں بھی زکوٰۃ منع قرار دی ہے۔

۴۔مؤلفۃ القلوب: {1} وہ کافر جو اسلام کی طرف کچھ مائل ہو،اور اسکی مدد کرنے سے اسکے مسلمان ہوجانے کی توقع ہو {2} وہ نومسلم افراد جنھیں ایسی امداد اسلام پر مضبوط کردینے کا باعث بن سکتی ہو {3} وہ افراد جنھیں امداد دینے کی صورت میں یہ امید ہو کہ وہ اپنے علاقے کے لوگوں کو مسلمانوں پر حملہ آور ہونے سے روکیں گے،یوں مسلمانوں کو کفّار سے تحفّظ حاصل ہوگا۔

☆احناف کے نزدیک یہ مصرف ختم ہوگیا ہے،لیکن یہ بات صحیح نہیں،حالات کے مطابق ہر دور میں اس مصرف پر زکوٰۃ کا پیسہ خرچ کیا جاسکتا ہے۔

۵۔گردنیں آزاد کرانا: غلام آزاد کرانے کیلئے زکوٰۃ کا پیسہ خرچ کیا جاسکتا ہے، وہ مکاتب ہو یا غیر مکاتب۔امام شوکانی کے نزدیک اس میں کوئی فرق نہیں۔

۶۔غارمین: وہ مقروض جو اہل وعیال کے نان ونفقہ کے سلسلہ میں زیربار ہوگئے ہوں اور قرضہ ادا کرنے کیلئے نہ نقدرقم ہو، نہ کوئی چیز کہ جسے بیچ کر قرض ادا کرسکیں۔دوسرے وہ ذمہ دار اصحابِ ضمانت ہیں کہ کسی کی ضمانت دی اور پھر اسکی ادائیگی کے ذمہ دار قرار پاگئے۔تیسرے وہ لوگ جو کسی فصل کے تباہ ہوجانے یا کاروبار کے خسارہ کی وجہ سے مقروض ہوگئے۔ان سب کی امداد بھی مالِ زکوٰۃ سے کی جاسکتی ہے۔

۷۔فی سبیل اللہ: جہاد ومجاہدین (نان ونفقہ واسلحہ وغیرہ) پر خرچ کرنا۔چاہے مجاہدین مالدار ہی کیوں نہ ہوں۔بعض احادیث کی رو سے حج وعمرہ بھی ''فی سبیل الله'' میں داخل ہے۔

اسی طرح بعض علماء کے نزدیک دعوت وتبلیغِ دین اور نشر واشاعتِ اسلام کے تمام شعبے بھی اسمیں شامل ہیں۔کیونکہ اس سے بھی جہاد کی طرح، اعلائے کلمۃ اللہ ہی مقصود ہوتا ہے۔

۸۔ابن السبیل: اس سے مراد وہ مسافر ہے، جو دورانِ سفر نقصان ہوجانے یا جیب کٹ جانے وغیرہ سے مستحقِ امداد ہوگیا ہو۔چاہے وہ اپنے گھر یا وطن میں صاحبِ حیثیت ہی کیوں نہ ہو۔ زکوٰۃ کی رقم سے اسکی مدد کی جاسکتی ہے۔(مختصراً از تفسیر احسن البیان، مولانا حافظ صلاح الدین یوسف، تفسیر سورۂ توبہ: آیت ۶۰)

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکتہٗ

ابوعدنان محمد منیر قمر،

الحکمۃ الکبریٰ، الخبر ۳۱۹۵۲ (سعودی عرب)

تراجم وتصانیف محمد منیر قمر

نام کتاب	شائع کردہ	تاریخ طباعت
1 آئینۂ نبوت (سیرت النبی ﷺ ایک اچھوتے انداز میں)	بزم الہلال، جامعہ سلفیہ فیصل آباد	1396ھ 1976ء
	مکتبہ کتاب وسنت، طبع دوم	1241ھ 2000ء
2 رمضان المبارک۔	بزم الہلال، طبع اول	1396ھ 1976ء
(روحانی تربیت کا مہینہ)	مکتبہ کتاب وسنت، طبع دوم	1422ھ 2001ء
3 کشف الشبہات (توحید)	الحاج علی محمد سعید الباقرین، شارجہ	1400ھ 1981ء
4 مسنون ذکرِ الٰہی (مختصر)	الحاج عامر محمد سعید الباقرین، شارجہ	1401ھ 1981ء
5 مناسک الحج والعمرہ	الحاج عامر محمد سعید الباقرین، شارجہ	1981ء
6 درآمدہ گوشت کی شرعی حیثیت	شیخ محمد صالح کندی، شارجہ	1981ء
7 خنزیر کی چربی پر مشتمل اشیاء (اردو)	صدیقی ٹرسٹ۔ کراچی	
8 خنزیر کی چربی پر مشتمل اشیاء (انگلش)	مسلم اسٹوڈنٹس ایسوسی ایشن۔ ابرڈین یونیورسٹی (برطانیہ) و (طبع دوم)	1401ھ 1981ء
9 انسانی تاریخ کی خفیہ ترین تحریک	صدیقی ٹرسٹ۔ کراچی	1401ھ 1981ء
10 دعوت الی اللہ اور داعی کے اوصاف	الادارۃ الاسلامیہ۔ فیصل آباد	1402ھ 1982ء
11 وجوبِ عمل بالسنہ اور کفر منکر	الإدارۃ الإسلامیہ۔ فیصل آباد	1401ھ 1982ء
12 تین اہم اصولِ دین اور شروط الصلوٰۃ	الإدارۃ الإسلامیہ۔ فیصل آباد	1403ھ 1983ء
13 تین اہم اصولِ دین	دارالافتاء۔ الریاض طبع اول	1985ء
۲۰۰۰ء تک (سات ایڈیشن)	المکتب التعاونی بالبدیعہ وغیرہ	1413ھ

نام کتاب	شائع کردہ	تاریخ طباعت
14 قبولیتِ عمل کی شرائط (طبع اوّل)	روبی جیولرز۔دبئی	1411ھ 1991ء
(طبع دوم)	المہتاب انٹر پرائز ز۔قطر	1412ھ 1992ء
(طبع سوم)	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1421ھ 2001ء
15 مسنون ذکرِ الٰہی (مفصّل) طبع اول	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1981ء
طبع دوم	" "	1994ء
طبع سوم	" "	2001ء
16 سیرت امام الانبیاء (طبع اول)	مکتبہ ابن تیمیہ۔قطر	1992ء
17 شراب اور دیگر منشیات (طبع اول)	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1993ء
18 سوئے حرم (حج وعمرہ) ..طبع اول	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1989ء
طبع دوم	" "	1995 ء
19 فقہ الصلوٰۃ (جلد اول)..طبع اول	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1990ء
20 فقہ الصلوٰۃ (جلد دوم)	مکتبہ کتاب و سنّت ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1414ھ 1999ء
21 فقہ الصلوٰۃ (جلد سوم) زیر کتابت	نورِ اسلام اکیڈمی۔لاہور	
22 فقہ الصلوٰۃ (جلد چہارم)	زیر ترتیب	
23 رمضان المبارک واحکامِ روزہ	مکتبہ کتاب و سنّت ریحان چیمہ،سیالکوٹ توحید پبلیکیشنز، بنگلور انڈیا	1423ھ 2002ء
24 احکام زکوٰۃ وصدقات	زیر ترتیب	
25 جہاد اسلامی کی حقیقت	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1421ھ 2000ء
26 سود ورشوت	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1421ھ 2001ء
27 زنا کاری وفحاشی	مکتبہ کتاب وسنّت ،ریحان چیمہ،سیالکوٹ	1421ھ 2001ء
28 چند اختلافی مسائل میں راہِ اعتدال	"	تیار برائے طباعت
29 مقالاتِ قمر	"	تیار برائے طباعت
30 گلدستۂ نصیحت سے پچاس پھول۔	"	1421ھ 2000ء

31	پچاس سوال وفتاویٰ احکام حیض کے	"	تیار برائے طباعت
32	محرمات (حرام امور)	"	تیار برائے طباعت
33	ممنوعات (ناجائز امور)	"	تیار برائے طباعت

	نام کتاب	شائع کردہ	تاریخ طباعت
34	لوطت واغلام بازی	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1421ھ 2000ء
35	انسداد زنا ولواطت کیلئے اسلام کی تدابیر	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1421ھ 2000ء
36	سورۃ فاتحہ فضیلت ومقتدی کے لئے حکم	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	تیار برائے طباعت
37	آمین۔ معنی ومفہوم، مقتدی کے لئے حکم	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1421ھ 2000ء
38	رفع الیدین، جانبین کے دلائل کا جائزہ	"	تیار برائے طباعت
39	درود شریف۔ فضائل واحکام	نورِ اسلام اکیڈمی۔ لاہور	1422ھ 2001ء
40	ظہور امام مہدی، (طبع اول ودوم)	مکتبہ کتاب وسنت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1423ھ 2002ء
41	مسائل قربانی وعیدین	مکتبہ کتاب وسنت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1423ھ 2002ء
42	الامام العلاّمہ ابن باز	زیر کتابت	
43	الامام المحدّث الالبانی	زیر کتابت	
44	نماز پنجگانہ کی رکعتیں مع وِتر و تہجّد	علی فؤاد پبلشرز لاہور، توحید پبلیکیشنز بنگلور	1421ھ 2000ء
45	فریضہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور ضرورتِ جہاد	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	2000ھ 1421ء
46	اسیرانِ جہاد اور مسئلہ غلامی	" "	1422ھ 2001ء
47	جمعہ مبارک۔ فضائل ومسائل	مسودہ تیار برائے طباعت	
48	نماز باجماعت کا حکم	مسودہ تیار برائے طباعت	
49	مباحات ومکروھات ومفسداتِ نماز	مسودہ تیار برائے طباعت	
50	تفسیر سورۃ الحجرات	مسودہ تیار برائے طباعت	
51	تمباکو نوشی	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	تیار برائے طباعت
52	دخولِ جنّت کے تیس اسباب	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1421ھ 2000ء

نام کتاب	شائع کردہ	تاریخ طباعت
53 انسانی جان کی قدر و قیمت اور فلسفۂ جہاد	مکتبہ کتاب وسنّت، ریحان چیمہ، سیالکوٹ	1421ھ 2001ء
54 مسائل واحکام طہارت (مفصّل)	مسودہ تیار برائے طباعت	

نام کتاب	شائع کردہ	تاریخ طباعت
55 قبروں پر مساجد یا مساجد میں قبریں اور مقاماتِ نماز	مسودہ تیار برائے طباعت	
56 مسائل واحکام مساجد	مسودہ تیار، برائے طباعت	
57 نماز کیلئے مردوزن کا لباس	مسودہ تیار، برائے طباعت	
58 وجوبِ نقاب (چہرہ کا پردہ)	مسودہ تیار، برائے طباعت	
59 اوقاتِ نماز	مسودہ تیار، برائے طباعت	
60 مسائل واحکامِ آذان و اقامت	مسودہ تیار، برائے طباعت	
61 مصنوعی اعضاء کی صورت میں غسل وضوء	مسودہ تیار، برائے طباعت	
62 ننگے سر نماز	مکتبہ کتاب وسنت اور توحید پبلیکیشنز	1423ھ 2002ء
63 نماز میں عدمِ پابندی اور تارکِ نماز کا حکم	مسودہ تیار، برائے طباعت	
64 غیر مسلموں سے تعلقات اور انکے جھوٹے کھانے پانی کا حکم۔	مسودہ تیار، برائے طباعت	
65 آدابِ دعا (مقامات، اوقات وغیرہ)	مسودہ تیار، برائے طباعت	
66 حج مسنون (شارجہ ٹی وی سے نشر کردہ)	مسودہ تیار، برائے طباعت	
67 مسائل واحکام لباس وپردہ	مسودہ تیار، برائے طباعت	
68 زیارتِ مدینہ منوّرہ (آداب واحکام)	مکتبہ کتاب وسنت اور توحید پبلیکیشنز	1423ھ 2002ء
69 مختصر مسائل واحکامِ طہارت ونماز	مکتبہ کتاب وسنت اور توحید پبلیکیشنز	1423ھ 2002ء
70 عیدِ میلاد النّبی ﷺ صحیح تاریخ ولادت مصطفیٰ، جشنِ میلاد وفات پر	مکتبہ کتاب وسنت اور توحید پبلیکیشنز	1423ھ 2002ء

71 رکوع میں آکر ملنے والے کی رکعت	مکتبہ کتاب وسنت	1423ھ 2002ء
72 خطباتِ مسجدِ نبوی ﷺ	”	”
73 خطباتِ مسجدِ حرام	”	”

فہرستِ مطبوعاتِ توحید پبلیکیشنز

کتب نمبر	عنوان	مصنف/مترجم
1	بدعات اوران کا تعارف	تالیف/علاّمہ سعید بن عزیز یوسف زئی
2	نمازِ پنجگانہ کی رکعتیں مع نمازِ وتر وتہجد	تالیف/ابوعدنان محمد منیر قمر
3	مختصر مسائل واحکامِ رمضان، روزہ اور زکوٰۃ	تالیف/ابوعدنان محمد منیر قمر
4	مختصر مسائل واحکامِ طہارت ونماز	تالیف/علاّمہ محمد صالح العثیمینؒ ترجمہ/ابوعدنان محمد منیر قمر
5	زیارتِ مدینہ منوّرہ۔احکام وآداب	تالیف/علاّمہ عبدالعزیز بن عبداللہ بن بازؒ ترجمہ/ابوعدنان محمد منیر قمر
6	ٹوپی وپگڑی سے یا ننگے سے نماز	تالیف/ابوعدنان محمد منیر قمر
7	جشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ؛یومِ وفات پر!!	تالیف/ابوعدنان محمد منیر قمر
8	دنیوی مصائب ومشکلات؛ حقیقت،اسباب،ثمرات	تالیف/محترمہ شوانہ عبدالعزیز ترجمہ/شاہد ستار تقدیم وتہذیب واضافہ/ابوعدنان محمد منیر قمر